روزانہ روحانی مطالعہ

شمارہ 4

اکتوبر – نومبر – دسمبر

2023

# GoodNews

## DAILY FOR KIDS

URDU

**مفت**

**فروخت نہ کیا جائے**

اس روحانی مطالعہ کی قیمت کی پیشگی ادائیگی ہمارے شراکت داروں کی طرف سے کی جا چکی ہے تاکہ اسے مفت تقسیم کیا جا سکے۔

ہ خوشخبری جو دور کے ملک سے آئے ایسی ہے جیسے تھکے ماندہ کی جان کے لیے ٹھنڈا پانی- (امثال 25:25)


Uebert & BeBe
ANGEL




## UEBERT & BEBE ANGEL

دنیا بھر میں، اسپرٹ ایمبیسی (دی گڈ نیوز چرچ) کے بانی، نبی یوبرٹ اور بی بی اینجل آپ کے لیے روزنامہ خوشخبری بچوں کا کلام لانے کیلئیے پرجوش ہیں۔

ہر دن کیلئیے خُدا کے کلام کو بہت مزے دار بناتا ہے! ہم نے یقینی بنایا ہے کہ ہر سبق پڑھنے اور سمجھنے میں آسان ہو۔
بچوں کی حوصلہ افزائی ہو گی جب وہ ہر روز اپنی زندگی میں نبوتی اقرار پڑھیں اور بولیں گے۔ یہ کلام چھوٹے بچوں کو مزید مطالعے اور نوٹس سیکشن، جہاں وہ اپنے خیالات محفوظ کر سکتے ہیں، کے ذریعے خدا کیساتھ غوروفکر کا وقت گزارنے کی ترغیب دیتی ہے۔ مسیحی عقیدے کی جڑیں ان کے نرم دلوں میں مزید گہرائی تک جائیں گی جب وہ روحانی طور پر بڑھیں گے اور اپنے ابتدائی سالوں میں خدا کے فضل کی خوشخبری کو سمجھیں گے۔



**یسعیاہ 41: 10**

**تُو مت ڈر کیونکہ مَیں تیرے ساتھ ہُوں۔ ہِراسان نہ ہو کیونکہ مَیں تیرا خُدا ہُوں مَیں تُجھے زور بخشُوں گا۔ مَیں یقِیناً تیری مدد کرُوں گا اور مَیں اپنی صداقت کے دہنے ہاتھ سے تُجھے سنبھالُوں گا۔**

آج کا دن خدا کی موجودگی میں بہادر ہونےکی بات کرتا ہے، بہت سےبچےسوچتےہیں کہ سب سےبڑے اورمضبوط لوگ سب سےزیادہ بہادر ہوتےہیں۔ بچو، یہ ایک انتخاب ہے۔

ہم داؤد اور جولیت کی کہانی جانتےہیں، دنیا کےنقطہ نظر سےہر کوئی یہ سوچتا کہ داؤد یہ لڑائی ہار جائےگا۔ جولیت داؤد سےبڑا، مضبوط اور تجربہ کار تھا۔ جولیت کےپاس بکتر، ایک تلوار اور ایک ڈھال تھی۔ داؤد کےپاس صرف ایک فلاخن اور پتھرتھے، لیکن داؤد جانتا تھاکہ اس کےساتھ خدا ہے، جولیت کے پاس اس کےخلاف کوئی موقع نہیں تھا۔

بائبل کہتی ہےکہ ڈرو مت، خدا آپ کو تمام دشمنوں یا مشکلات سےمحفوظ رکھےگا، حالات سے اوپر اٹھیں کیونکہ خدا آپ کا خیال رکھتا ہے اور آپ سے پیار کرتا ہے۔

## نبوتی اقرار

**آج میں بہادر بننے کا انتخاب کروں گا! میں خدا کے ساتھ اکثریت ہوں، میں بہت زیادہ محفوظ ہوں، اور بہت زیادہ حفاظت میں ہوں۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

اِستِثنا 31: 6



**متّی 10: 29**
**کیا پَیسے کی دو چِڑیاں نہیں بِکتِیں؟ اور اُن میں سے ایک بھی تُمہارے باپ کی مرضی بغَیر زمِین پر نہیں گِر سکتی۔**

آپ کو آسمان میں پرندوں کی بہت سی قسمیں نظر آتی ہیں۔ نیلےپرندے، کوے، کبوتر، چڑیاں، اُلّو اور فہرست جاری رہتی ہے۔

کیا آپ نےکبھی سوچا ہےکہ چڑیوں کی دیکھ بھال کون کرتا ہے، کیا وہ اس بات کی فکر کرتی ہیں کہ وہ آگےکیا کرنےوالی گی، کیا انہیں اس بات کی فکر ہوتی ہےکہ وہ کہاں سوئیں گی؟ آج کا صحیفہ ہمیں بتاتا ہےکہ خدا سب کچھ جانتا ہے یہاں تک کہ جب پرندہ مرتا ہے۔

خدا اپنی مخلوق سےپیار کرتا ہے، چڑیوں کی قیمت زیادہ نہیں ہوتی لیکن خدا ان کی قدر کرتا ہے۔ یہ خدا ہےجو حفاظت کرتا، کھلاتا اور انہیں سونے کی جگہ دیتا ہے۔ وہ آپ کو اچھی چیزیں کیوں نہ دے گا؟ ڈرو مت بچو، آپ کوخوف کی روح نہیں دی گئی ہے۔ خدا آپ کی حفاظت کرےگا اور آپ کو پناہ دےگا۔

## نبوتی اقرار

**میں یسوع کےخون سےخریدا گیا تھا، اس لیےمیں ایک چڑیا سےزیادہ قیمتی ہوں، وہ میری پرواہ کرتا ہےاور میری نگرانی کرتا ہے۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**
زبُور 121: 5



**زبُور 119: 114**

**تُو میرے چِھپنے کی جگہ اور میری سِپر ہے۔ مُجھے تیرے کلام پر اِعتماد ہے۔**

بچو آپ کےلیےخوشخبری، کچھ لوگ اس بات سےاتفاق کریں گےکہ سرد ہوا، برف باری اور دھند بھری سردیوں سےبدتر کوئی چیز نہیں ہے۔ تصور کریں، آپ کے چہرے پر ہوا چل رہی ہےلیکن آپ کو ابھی بھی اسکول جانا ہے، آپ ٹھوکر کھاکر آسانی سےگر سکتےہیں۔ ذرا سوچیں، اگر کاروں میں ہیڈلائٹس نہ ہوتیں تو کیا ہوتا؟ کاریں ایک دوسرےسےٹکرا سکتی تھیں۔ یہ بہت خطرناک ہو سکتا ہے۔ والدین کوٹ خریدتےہیں اور بچوں کو اسکارف، ٹوپیوں اور دستانوں سےلپیٹتےہیں تاکہ سردیوں میں خود کو محفوظ رکھ سکیں۔

بائبل کہتی ہےکہ خدا سایہ ہےجو آپ کو دھوپ سےبچاتا ہے، اس لیےآپ کو خدا کاکلام پہننا چاہیے۔ اس کےکلام کا مطالعہ کریں اور سیکھیں، اس کےکلام کو نظر انداز کرنا آپ کی زندگی میں سردیوں کےدن لا سکتا ہے۔ خدا کےساتھ سردیوں کے دن نہیں ہوتے۔ وہ تمام موسموں میں چھپنےکی جگہ ہے۔ آمین۔

## نبوتی اقرار

**میں بہت زیادہ محفوظ ہوں، بہت زیادہ دفاع کیاگیا ہوں اور بہت زیادہ مسح کیاگیا ہوں۔ میری حفاظت کےلیے میرے پاس فرشتےہیں۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

رُومِیوں 5: 1



**زبُور 50: 15**

**اور مُصِیبت کے دِن مُجھ سے فریاد کر۔ مَیں تُجھے چُھڑاؤُں گا اور تُو میری تمجِید کرے گا۔**

کیا آپ جانتےہیں، جب ہم دعا کرتےہیں تو ہم جان بوجھ کرخدا کو کال رہےہوتےہیں؟ بائبل کہتی ہے، مصیبت کےاوقات میں ہمیں خدا کو پکارناچاہیے۔

روح القدس یہاں صرف آپ کےاندر رہنےاورکچھ نہ کرنےکےلیےنہیں ہے، وہ یہاں اس سےزیادہ بہت کچھ کرنےکےلیے ہے۔ وہ آپ کےساتھ یہاں مصیبت کےوقت دعا کرنےکےلیے ہے۔ خدا اپنےکلام سےباہر کچھ نہیں کر سکتا۔ وہ اپنےکلام کے ذریعےمحدود ہے، اگر وہ کہتا ہےکہ اگر تم مجھےبلاؤ گے تو میں آکر تمہیں بچاؤں گا، وہ بالکل وہی کرے گا۔ پریشان ہونے میں وقت گزارنا بند کریں اس کی بجائے اپنی تمام تر توانائی دعا میں لگائیں۔

خدا نہیں چاہتا کہ آپ کسی مصیبت یا پریشانی میں پڑیں، وہ آپ کو ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رکھے گا۔ یاد رکھیں کہ وہ آپ کا پہلا رابطہ ہے اور آپ سے بہت پیار کرتا ہے۔

## نبوتی اقرار

**مصیبت کے وقت میری کال کا جواب دینے کے لیے خداوند آپ کا شکریہ۔ آج میں آپ کے کلام پر قائم رہنے کا انتخاب کرتا ہوں۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

**پطرؔس 5: 7 - 1**



**پَیدائش 6: 17-18**

**اور دیکھ مَیں خود زمِین پر پانی کا طُوفان لانے والا ہُوں تاکہ ہر بشر کو جِس میں زِندگی کا دَم ہے دُنیا سے ہلاک کر ڈالُوں اور سب جو زمِین پر ہیں مَر جائیں گے۔ پر تیرے ساتھ مَیں اپنا عہد قائِم کرُوں گا اور تُو کشتی میں جانا۔ تُو اور تیرے ساتھ تیرے بیٹے اور تیری بِیوی اور تیرے بیٹوں کی بِیویاں۔**

بچو، کیا آپ نےنوح کی کہانی پڑھی ہے؟ اسےبتایاگیاکہ دنیابھرمیں بہت بڑا سیلاب آئےگا لیکن وہ اوراس کاخاندان محفوظ رہیں گے۔ کیوں؟ نوح کےعلاوہ ہرکوئی اسکےزمانےمیں برےکام کر رہاتھا۔ خُدا اُس کی اوراُس کےخاندان کی حفاظت کرنا چاہتا تھا۔ اگرچہ لوگ نوح پر ہنسے، نوح نےخُدا پر بھروسہ کیا کہ وہ اُس کی اوراُس کےخاندان کی حفاظت کرےگا کیونکہ خُدا نےکہا کہ ایسا ہو گا۔

بچو اب ہم فضل کےتحت ہیں، جس لمحےآپ نئےسرے سےپیداہوتےہیں آپ مکمل محفوظ ہوجاتےہیں اورآپ اپنی زندگی کےلیےخدا پربھروسہ کرسکتےہیں چاہےکوئی کچھ بھی کہے۔

## نبوتی اقرار

**میں نےیسوع مسیح کو قبول کیا ہے، یہ میں نےاب تک کا بہترین فیصلہ کیا ہےاورمیں ہرحال میں اس پربھروسہ کرتا اور ساتھ کھڑا ہوں۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

اَعمال 9: 13



**یُوحنّا 2: 1 – 1**

**اَے میرے بچّو! یہ باتیں مَیں تُمھیں اِس لِئے لِکھتا ہُوں کہ تُم گُناہ نہ کرو اور اگر کوئی گُناہ کرے تو باپ کے پاس ہمارا ایک مددگار مَوجُود ہے یعنی یِسُوعؔ مسِیح راست باز۔**

زیادہ تربچےاپنےدفاع سےواقف ہوتےہیں، اگرآپ کراٹےیا اس طرح کےکھیل کھیلتےہیں۔ ہمارے پاس دفاعی وکیل بھی ہیں، جو جج یاجیوری کےسامنےلوگوں کا دفاع کرتےہیں۔

بچو آج یاد رکھیں خداوند آپ کا دفاع کرے گا۔ بائبل میں قائن نےخدا کی نظروں میں کچھ غلط کیا۔ لیکن خدانےپھربھی اس کا دفاع اور حفاظت کی۔ خدا نےسب کو خبردار کیاکہ قائن کو ہاتھ نہ لگائیں۔ خدا سزا دینےکی بجائےمعاف کرےگا، یہی وجہ ہے کہ ہماراخدا لوگوں کو بدلنے، بہتر انسان بننےکا موقع دیتا ہے۔ وہ ہمیں معاف کرناسکھاتا ہے۔ اس کامطلب یہ نہیں ہےکہ ہمیں غلط کام کرنےہیں، اگرآپ ہر وقت غلطی میں رہتےہیں، تو آپ روح سےبھرےہوئےنہیں ہیں، ایک روح سےبھرا ہوا شخص مہربان اور محبت کرنے والا ہوتا ہے۔

## نبوتی اقرار

**اگر خدا میرے ساتھ ہے تو کون میرے خلاف کھڑا ہو سکتا ہے۔ میں ایک روح سے بھری زندگی جی رہا ہوں، یسوع کے قادر نام میں۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

پَیدائش 4: 15



**امثال 13: 20**

**وہ جو داناؤں کے ساتھ چلتا ہے دانا ہو گا پر احمقوں کا ساتھی ہلاک کِیا جائے گا۔**

بچو کیا آپ ایک ہی گلاس میں پانی اور دودھ بھر سکتے ہیں؟ یہ ٹھیک نہیں ہوتا، کیونکہ یہ دو چیزوں سے نہیں بھرا جا سکتا، ورنہ وہ دونوں مل جائیں گی۔

دوست آپکی زندگی میں اہم ہو سکتے ہیں، لیکن وہ آپ پر برا اثر بھی ڈال سکتے ہیں۔ اپنے دوستوں کو آپ پر اثر انداز ہونے کی اجازت دینے کی بجائے دوسروں کو متاثر کرنیوالے دوست بنیں۔ خود کو ایسے لوگوں سے گھیریں جو آپ جیسی چیزوں پر یقین رکھتے ہیں۔ آج سے اپنے دوستوں کو خُدا کے بارے میں بتانا اور اُنھیں چرچ آنے کے لیے متاثر کرنا شروع کریں۔ خدا آپکی زندگی میں سب سے اہم اور سب سے زیادہ بااثر شخص بننا چاہتا ہے۔ آج روح القدس کو آپکو سکھانےاور آپکی زندگی میں آواز بننے کی اجازت دیں۔

## نبوتی اقرار

**آج میں عقلمندوں کیساتھ وقت گزارنے کا انتخاب کرتا ہوں۔ میں متاثر ہونیوالا نہیں بلکہ متاثر کرنیوالا ہوں‌گا۔ روح القدس کی مدد سے میں آگے صرف اچھی خبر دیکھتا ہوں۔ آمین**

**مزید مطالعہ**

کُرِنتھِیوں 15: 33 – 1



**فِلپّیوں 1: 21**

**کیونکہ زِندہ رہنا میرے لِئے مسِیح ہے اور مَرنا نفع۔**

بچو آپکے لیےخوشخبری، میں چاہتا ہوں کہ آپ ایک منٹ کےلیے اسکےبارے میں سوچیں۔ پولوس رسول کےلیے مرنا کیسے نفع ہے؟ مسیح کی پیروی کرنا ایک فیصلہ ہے۔ پولوس مسیح کی پیروی کرنا چاہتا تھا، اسے ایسا کرنےپر مجبور نہیں کیا گیا تھا۔ اب جب کہ آپ نئےسرے سے پیدا ہوئےہیں، آپ مزید زندہ نہیں ہیں، لیکن مسیح زندہ ہے، آپکی روح نے مسیح کی زندگی کو قبول کیا۔ پرانا آپ جا چکےہیں، اور آپکی زندگی خُداوند یسوع مسیح کےلیے بدل دی گئی ہے۔

پولوس نےجو کچھ کیا وہ بادشاہی کےلیے تھا، ہر روز وہ زمین پر اپنےمقصد کو پورا کرنے کےلیے جی رہا تھا۔ پس چاہے وہ یہاں تھا یا جنت میں یہ سب خدا کے جلال کے لیے تھا۔ پولوس کی طرح ایک مسیحی ہونے کے ناطے ہمیں اپنے لیے نہیں بلکہ خُدا کےلیے جینا چاہیے۔

## نبوتی اقرار

**آج میں دلیری کے ساتھ اپنے باپ، نبی یوبرٹ اینجل کی پیروی کر رہا ہوں، جیسے وہ یسوع مسیح کی پیروی کرتے ہیں۔ میں اپنی زندگی میں اچھی صحبت رکھنے کا انتخاب کرتا ہوں۔ ہیلیلویاہ۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

گلتِیوں 2: 20



**یُوحنّا 3 :3**

**یِسُوعؔ نے جواب میں اُس سے کہا مَیں تُجھ سے سچ کہتا ہُوں کہ جب تک کوئی نئے سِرے سے پَیدا نہ ہو وہ خُدا کی بادشاہی کو دیکھ نہیں سکتا۔**

بچو آپکے لیے خوشخبری، مجھے یقین ہے کہ زندگی میں کم ازکم ایک بار آپ نے بار بارکچھ غلط کیا ہوگا۔ یہ اسکول میں ہوسکتا ہے، یا جب آپ گھر یا اپنے دوستوں کیساتھ ہوں، کہ آپ نے کوئی غلطی کی ہو۔

اگر آپ یسوع مسیح پر یقین رکھتے ہیں تو آپکے پاس نئے سرے سے پیدا ہونے کا موقع ہے۔ یہ ایک مختصر دعا ہے، اوراس لمحے میں آپ یسوع مسیح کو اپنے ذاتی خداوند اور نجات دہندہ کے طورپر قبول کرتے ہیں۔ دعا کے بعد وہ تمام خراب فیصلے جو آپ نے پہلے کیے آپکے خلاف نہیں رہیں گے۔ یسوع ایک استاد کی طرح ہے جو اسکول میں بورڈ سے الفاظ مٹا رہا ہے، آپ کو بلکل ایک نئی شروعات دی گئی ہے۔

دوبارہ شروع کرنے کا موقع دیاجانا ایک نعمت ہے، جو صحیح ہے اسے جاری رکھیں، خدا اس تمام جلال کے لائق ہے۔

## نبوتی اقرار

**خدا کا شکر ہے کہ میں عالمِ بالا سے پیدا ہوا ہوں، گناہ کی مجھ میں کوئی جگہ نہیں ہے۔ میں سلطنتوں اور طاقتوں سے بہت اوپرآسمانی جگہوں پر بیٹھا ہوں۔ ہیلیلویاہ۔**

**مزید مطالعہ**

گلتِیوں 6: 9

**متّی 18: 21**

**اُس وقت پطرسؔ نے پاس آ کر اُس سے کہا اَے خُداوند اگر میرا بھائی میرا گُناہ کرتا رہے تو مَیں کِتنی دفعہ اُسے مُعاف کرُوں؟ کیا سات بار تک؟**



بچو آپکےلیے خوشخبری، آج میں آپکے ساتھ یہ بات شیئر کرتا ہوں، تو تصور کریں، ایک دوست جو ساحل پر ریت کا قلعہ خراب ہو جانےکی وجہ سے پریشان تھا۔ جب کوئی آپکی محنت کو خراب کرے تو آپکا پہلا ردعمل کیا ہوگا؟

اگر آپ نئے سرے سے پیدا ہوئے مسیحی ہیں اور آپ خدا کےکلام کو پڑھتےاور مطالعہ کرتےہیں تو آپ آج کی اس آیت سے سمجھ جائیں گے، کہ خُدا چاہتا ہےکہ ہم سب کو معاف کریں اور پیار کریں، چاہے وہ ہمارے ساتھ کچھ غلط کریں۔

خُدا آپ کو کچھ ایسا کرنے کےلیےنہیں کہتا جو اُس نے پہلے کبھی نہیں کیا ہو۔ ہمارے گناہوں کےلیے مرتے ہوئے یسوع مسیح کےذریعےخُدا نے ہم سب کو معاف کر دیا ہے۔

## نبوتی اقرار

**آج خداوند، میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے معاف کرنا سکھایا۔ میں آپ کی بھیڑ ہوں اور آپ کی آواز سنتا ہوں۔ میں پھر کبھی گم نہیں ہو سکتا۔ ہیلیلویاہ۔**

**مزید مطالعہ**

متّی 5: 23



**امثال 10: 19**

**کلام کی کثرت خطا سے خالی نہیں لیکن ہونٹوں کو قابُو میں رکھنے والا دانا ہے۔**

تصور کریں، آپ لائبریری میں کوئی کتاب پڑھ رہےہیں اورکوئی چیخنا شروع کر دے، یہ بہت پریشان کن ہو سکتا ہےاور آپ توجہ مرکوز نہیں رکھ پائیں گے۔

خدا ہمیشہ اونچی آواز میں نہیں بولتا، بعض اوقات وہ سرگوشی کرتا ہے۔ خُدا نے ایلیاہ سےسرگوشی کی لیکن اسےتوجہ مرکوز کرنی تھی۔ وہ خدا کو صاف سُننےکےلیےکسی پُرسکون جگہ تک چلا گیا۔ اس شور مچانے والی دنیا میں خاموش بیٹھنا آسان نہیں ہے۔ اگر آپ ایسا نہیں کریں گے تو آپ خدا کی بات کیسےسنیں گے؟ اگر آپ ہر وقت شور کرتےیا مصروف رہتےہیں، تو آپ خدا کو سن نہیں سکتے۔

ہر روز اپنا پرسکون وقت گزارنا سیکھیں کیونکہ یہ آپکو توجہ مرکوز رکھنےاور خدا کی طرف توجہ دینےکی اجازت دے گا۔ تب آپ اسے بہت واضح طور پر سن سکیں گے۔

## نبوتی اقرار

**میں جانتا ہوں کہ خدا کے ساتھ پرسکون وقت کب گزارنا ہے، اس کی وجہ سے میں خدا کو صاف، براہ راست، فوراً سن سکتا ہوں۔ اس قیمتی وقت کے لیے خداوند آپ کا شکریہ۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

سلاطِین 19: 12 – 1



**کُرِنتھِیوں 10: 13 – 1**

**تُم کِسی اَیسی آزمایش میں نہیں پڑے جو اِنسان کی برداشت سے باہر ہو اور خُدا سچّا ہے۔ وہ تُم کو تُمہاری طاقت سے زِیادہ آزمایش میں نہ پڑنے دے گا بلکہ آزمایش کے ساتھ نِکلنے کی راہ بھی پَیدا کر دے گا تاکہ تُم برداشت کر سکو۔**

ہر ایک عمارت میں ہنگامی راستےہیں تاکہ کسی ہنگامی صورتحال میں آپ محفوظ طریقے سے نکل سکیں۔ ان پر روشن ہونیوالے نشانات کیساتھ نشان لگائےہوتےہیں، تاکہ انہیں آسانی سےدیکھا جا سکے۔

مسیحی آزمائش میں پڑ سکتےہیں۔ مجھے یقین ہےکہ کئی بار آپکو زیادہ مٹھائیاں کھانےسےمنع کیا گیا ہوگا، لیکن جیسےہی آپ نےانہیں دیکھا ہوگا آپکا ایک کھانےکا دل کیا ہوگا۔ بچو آج جان لیں کہ آپ آزمائش کو نہ کہہ سکتےہیں۔

یہاں تک کہ ابلیس نےیسوع کو آزمانےکی کوشش کی، لیکن کامیاب نہیں ہوا۔ یسوع نےخدا کاکلام استعمال کیا اور آزمائش میں پڑنےسےانکارکیا۔ جب آپ خودکو آزمائش میں پائیں تو خدا کےکلام کو استعمال کریں۔ خداکاکلام ایک خارجی نشان ہے، کسی بھی آزمائش پر قابو پانےکےلیے آج ہی اس پر دھیان کریں۔

## نبوتی اقرار

**میں آزمائشوں سےمحدود نہیں ہوں۔ خدا میرےباہرنکلنےکا راستہ ہےبالکل ایسےہی جیسے ہنگامی راستہ۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

لُوقا 22: 46

Trust in the Lord with all your heart ♥

- Proverbs 3:5 -

GoodNews DAILY

# Faith can move mountains

- Matthew 17:20 -

GoodNews DAILY



**پطرؔس 1: 5 - 2**

**پس اِسی باعِث تُم اپنی طرف سے کمال کوشِش کر کے اپنے اِیمان پر نیکی اور نیکی پر معرفت۔**

اسکول میں آپکو بہت چھوٹی عمر سے ہی ریاضی سکھایا جاتا ہے اور جب آپ تھوڑے بڑے ہوتے ہیں تو آپکو گننا سکھایا جاتا ہے، پھر اگلا مرحلہ نمبروں کو جمع اور پھر ضرب کرنا ہے۔

اب بچو، جان لیں کہ آپ ایک نئی تخلیق ہیں، بائبل ان چیزوں کے بارے میں بات کرتی ہے جن کو ہمیں اپنے ایمان میں شامل کرنے کی ضرورت ہے۔ مزید معلومات کے لیے، بائبل کو پڑھنا شروع کریں اور خدا کے بارے میں مزید جانیں۔ سمجھیں کہ ہم مسیح کے نمائندے ہیں اور جب ہم ان تمام چیزوں کو شامل کریں‌گے تو ہم مسیح میں مکمل ہو جائیں گے۔

نیکیوں کو شامل کرنے سے، ہم دوسروں کے لئے اچھے بن جاتے ہیں اور وہ عمل میں خدا کی محبت کو دیکھیں گے اور خدا کتنا عظیم ہے۔

## نبوتی اقرار

**مسیح کیساتھ میری رفاقت پہلے سے زیادہ گہری ہے۔ میں مسیح میں اپنے علم کو بڑھانے کے لیے اپنے ایمان میں مزید اضافہ کرتا رہوں گا۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

پطرؔس 1: 8 - 2



**مُکاشفہ 5: 5**

**تب اُن بزُرگوں میں سے ایک نے مُجھ سے کہا کہ مَت رو۔ دیکھ۔ یہُوداؔہ کے قبِیلہ کا وہ بَبر جو داؤُد کی اصل ہے اُس کِتاب اور اُس کی ساتوں مُہروں کو کھولنے کے لِئے غالِب آیا۔**

بچو کیا آپ جانتےہیں، ببرشیر بلی کےخاندان سےتعلق رکھتےہیں اور وہ بچوں کو جنم دیتےہیں۔ ببرشیر جانوروں کی بادشاہی میں رہنما ہیں۔ وہ سب سےبڑے یا ہوشیار نہیں ہیں لیکن وہ بادشاہی پرحکمرانی کرتےہیں، ان کا ایک رویہ اور اعتماد ہوتا ہے۔

بائبل یسوع کی شناخت ایک ببرشیر کےطورپر کرتی ہے اور ہم اس کےلوگ ہیں اور اس قبیلےسےتعلق رکھتےہیں۔ ڈریں نہیں، جب چیزیں ٹھیک نہیں لگ رہی ہوں تو روئیں مت۔ جرات مند اور پراعتماد رہیں۔ جب جنگل کا بادشاہ سامنےآتا ہے تو سب پیچھےہٹ جاتےہیں۔ جب ببرشیر دھاڑتا ہےتو تمام جانور خاموش ہوجاتےہیں۔ ایک ببرشیر کےجیسا کردار رکھیں۔ جب آپ بولتےہیں تو سب کو سننا چاہیے، اورجب وہ سنتےہیں تو آپ ان کیساتھ خوشخبری بانٹنا شروع کردیں۔

## نبوتی اقرار

**میں ببرشیر کی طرح دلیر اور پر اعتماد ہوں۔ میں خدا کےکلام کےذریعےنیا ہوا ہوں۔ میں جنت کےاس سال زمین پر یسوع مسیح کی خوشخبری پھیلاؤں گا۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

رُومِیوں 12: 2



**یُوحنّا 4: 24**

**خُدا رُوح ہے اور ضرُور ہے کہ اُس کے پرستار رُوح اور سچّائی سے پرستِش کریں۔**

کیا آپ جانتےہیں کہ کیا وقت ہوا ہے؟ بچو یہ پرستش کا وقت ہے۔ پرستش کیاہے؟ اور ہم خداکی پرستش کیوں کر رہےہیں؟

پرستش خداکو دکھانا اور بتانا ہےکہ ہم روح اور سچائی میں اس سےکتنا پیارکرتےہیں۔ پرستش خدا کےلیےاہم ہےکیونکہ یہ واحد چیز ہےجو آپکو چھوسکتی ہے، لیکن آپ اسےنہیں چھو سکتے۔ آپ اسےسن سکتے، محسوس کرسکتے لیکن چھونہیں سکتےہیں۔ یہ آپکےدل کو چھوتی ہے۔ خدا پرستش صرف اپنےلئےچاہتا تھا۔ خُدا چاہتا تھاکہ اسےکسی ایسی چیز سےنوازا جائےجسے ہم چھو نہ سکیں کیونکہ صرف وہی اسےچھوسکتا ہو۔

جس لمحے آپ پرستش کرنا شروع کرتےہیں اور خداکو جلال دیتےہیں ماحول بالکل بدل جاتا ہے۔ بچو آج، اپنی روح کو متحرک کریں، دعا کرنا شروع کریں، خداکےکلام کا مطالعہ کریں اور اس کی تمام حمد اور سجدہ کریں، اسکےبعد آپکی زندگی میں چیزیں بدلنا شروع ہو جائیں گی۔

## نبوتی اقرار

**کیونکہ خدا کی روح میری رہنمائی کرتی ہے میں روح اور سچائی سےخدا کی پرستش کرتا ہوں۔ میں تمام جلال اورحمد خدا کو دیتا ہوں۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

خرُوج 23: 25



**زبُور 86: 11**
**اَے خُداوند! مُجھ کو اپنی راہ کی تعلِیم دے۔ مَیں تیری راستی میں چلُوں گا۔ میرے دِل کو یکسُوئی بخش تاکہ تیرے نام کا خَوف مانُوں۔**

زیادہ ترلوگوں کےلیےسب سےاہم چیزسیکھنا ہےکیونکہ یہ آپکومستقبل کےلیےتیارکرتا ہے۔ اسی لیےبہت سےلوگ اسکول، کالج اور یونیورسٹی میں پڑھتےہیں کیونکہ وہ جانتےہیں کہ علم اور معلومات کےحصول سےانہیں بہتر مستقبل کی تیاری میں مدد ملےگی۔

بائبل میں ہم دیکھتےہیں کہ بادشاہ داؤد ملک کا سربراہ تھا۔ بادشاہ کےطورپر اپنےدور میں اسکےپاس سوچنےاور دعا کرنے کےلیے بہت کچھ تھا، تاہم اسکی زندگی میں سب سےاہم چیزخدا کی پرستش کرنا تھی۔ وہ سمجھ گیاکہ خدا کتنا عظیم ہےاور وہ خدا کےلئےکتنی عقیدت رکھتا ہے۔

لُوقا 6: 45 کہتی ہے، "آیک آدمی وہی کہتا ہے جو اس کے دل میں ہوتا ہے۔" آپکےپاس کائنات کاسب سےطاقتوراستاد ہے، آپکا مددگار روح القدس ہےجو آپکےاندر رہتا ہے۔ آج سےشروع ہونیوالی ہرچیز میں اسےاپنا استاد بننےدیں۔

## نبوتی اقرار

**میں اپنی زندگی میں ہرچیز کےلیے جوخدا نےکی ہے، خداکا شکر ادا کرتا ہوں اورجیسےہی میں روح میں دعا کرنا شروع کرتا ہوں میری زندگی بدل جاتی ہے۔ میں صرف خوشخبری سنتا ہوں آمین۔**

**مزید مطالعہ**
توارِیخ 29: 10 – 1



**زبُور 105: 2**
**اُس کی تعرِیف میں گاؤ۔ اُس کی مدح سرائی کرو۔ اُس کے تمام عجائِب کا چرچا کرو۔**

بچو کیا آپ گانا پسند کرتےہیں؟ چرچ میں یا دوستوں کیساتھ گانےمیں بہت مزہ آتا ہے۔ چرچ میں ہم اونچی آواز میں گا سکتے ہیں، اور ہم تعریفی گیت یا پرستش کےگیت گا سکتےہیں کہ ہمارا خدا کتنا عظیم اور پیار کرنیوالا ہے۔

پرستش کا گانا دھیمی موسیقی سےنہیں، بلکہ اسکی طرف ردعمل سےبنتا ہے۔ یاد رکھیں کہ ساتھ مل کرگانا پرستش نہیں ہے، یہ صرف مدح سرائی کرنا ہے۔

تاہم پرستش ہمارے دلوں کی حالت ہےجب ہم خدا کی پرستش میں گاتےہیں۔ روح القدس کو حکمرانی کی اجازت دینا، بیگانہ زبانوں میں گانا، اپنی توجہ آس پاس کےلوگوں پر نہیں بلکہ صرف خدا پر مرکوز کرنا۔

اس کی پرستش صحیح طریقےسےکریں تاکہ خدا آپکی پرستش سے راضی ہو۔

## نبوتی اقرار

**خُداوند آپ کا شکریہ ان تمام شاندار چیزوں کے لیے جو آپ نے ہمارے لیے کی ہیں۔ جیسے روح القدس میری رہنمائی کرتا ہے میں آپ کی پرستش کروں گا اور آپ کے نام کو جلال دونگا۔ میں آپ کے بارے میں سب کو بتاؤں گا آمین۔**

**مزید مطالعہ**
زبُور 86: 9



**امثال 3: 9**

**اپنے مال سے اور اپنی ساری پَیداوار کے پہلے پَھلوں سے خُداوند کی تعظِیم کر۔**

پرستش کامطلب آپکےپاس جوکچھ ہےاس سےخدا کو محبت ظاہرکرنا اور تعظیم کرنا، اپنےدماغ، جسم اور روح کیساتھ اس پرتوجہ مرکوز کرنا ہے۔ ہم بائبل میں پڑھتےہیں کہ یسوع اور اس کےشاگرد ہیکل میں تھے۔ لوگ دہ یکی اور نذرانے دے رہےتھے، حتیٰ کہ امیروں نےوہ دیا جسکی ضرورت نہیں تھی، ایک غریب بیوہ کےپاس دو سکےتھے لیکن اس نےاپنا سب کچھ دےدیا۔

یسوع نےشاگردوں کو سکھایاکہ اس سےکوئی فرق نہیں پڑتاکہ اس نےکتنا دیا، سب سےاہم بات یہ تھی کہ وہ اپنےپاس موجود ہرچیز کیساتھ خدا کی پرستش کررہی تھی۔

دیناخداکی تعظیم اور پرستش کرنےکےبہت سےطریقوں میں سےایک ہے۔ آپکا دیناخداکی توجہ حاصل کرتاہے۔ اگر آپ نے کبھی نہیں دیا تو آج سےدینا شروع کریں۔ ہمارا آسمانی باپ جو دیکھتا ہےکہ جو کچھ چھپ کرکیاجاتاہےوہ آپکو بدلہ دیگا اور بچو یاد رکھیں، آپ کبھی خدا کی مہربانی کامقابلہ نہیں کرسکتے۔

## نبوتی اقرار

**میں خدا کی برکتوں کےپورے حصول کا لطف اٹھاتا ہوں کیونکہ میں نےیسوع کےنام میں دینےکا انتخاب کیا ہے۔ دینا میرا طرززندگی ہے۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

کُرِنتھِیوں 9: 7 – 2



**متّی 26: 7**

**تو ایک عَورت سنگِ مرمر کے عِطردان میں قِیمتی عِطر لے کر اُس کے پاس آئی اور جب وہ کھانا کھانے بَیٹھا تو اُس کے سر پر ڈالا۔**

خوشخبری بچو، کیا آپ جانتےہیں کہ پرستش قربانی ہے۔ قربانی خدا یا دوسروں کےلیےکسی قیمتی چیزکو چھوڑنا ہے۔ کسی بہت قیمتی چیز یا ایسی چیزکو چھوڑنا بہت مشکل ہو سکتا ہےجسےآپ واقعی پسند کرتےہیں۔

ایک عورت مہنگا عطرلیکر یسوع کےپاس آئی اور اسے یسوع کےسر پر ڈال دیا۔ شاگردوں نےکہا کہ وہ اسےضائع کر رہی ہے لیکن یسوع نےکہا کہ اس نےایک خوبصورت کام کیا ہےکیونکہ اس عورت نےاسےیسوع کےلیےچھوڑ دیا۔

بچو آپ اسےسمجھیں کہ خدا آپ سےوہ کام کرنےکو نہیں کہےگا جو وہ نہیں کرسکتا۔ یسوع جانتا تھاکہ وہ سب کےلیےایک حتمی قربانی دینےوالا ہے۔ شاگردوں کےلیے مہنگا عطر تھا لیکن خدا کےلیے پرستش تھی۔ خدا کےلئےکچھ چھوڑ دو لیکن آپکو اسے رضامندی اور خوشی سے کرنا ہوگا، کیونکہ خدا خوش دلی سےدینے والے کو پسند کرتا ہے۔

## نبوتی اقرار

**مجھے عقلمندی سکھانے کے لیے خداوند یسوع آپ کا شکریہ۔ آج سے میں آپ پر جسے پسند کرتا ہوں قربان کر دوں گا۔ تمام جلال خدا کو۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

متّی 26: 8-10



**واعِظ 3: 1**

**ہر چِیز کا ایک مَوقع اور ہر کام کا جو آسمان کے نِیچے ہوتا ہے ایک وقت ہے۔**

اسکول کا، کھانےکا، کہانی کا، نہانےکا اور رات کےکھانےکاوقت۔ بچوکیا آپ کسی اوروقت کےبارے میں سوچ سکتےہیں؟ خدا کیساتھ وقت گزارنےکےبارےمیں کیاخیال ہے؟

صحیفہ کہتاہےکہ ہرچیزکاایک صحیح وقت ہوتاہے۔ جب آپ بیدارہوتےہیں تو آپ کیا کرتےہیں؟ کیا آپ سب سےپہلےخدا سےرابطہ کرتےہیں؟ کیا آپ روح القدس کوسلام کرتےہیں؟ بائبل کہتی ہےکہ روح ہماری رہنمائی کرتاہے، لہذا اپنےدن کا آغازدعاکیساتھ کریں، اپنی روح کو تیارکریں اوراس کی پرستش کےلیےایک پرسکون جگہ تلاش کریں اورہمیشہ اپنی گڈ نیوز ڈیلی ڈیووشنل کو پڑھنا یاد رکھیں۔

آپکے پرسکون وقت کےدوران یہ آپکا موقع ہےکہ آپ خدا کوبتائیں کہ آپ کس چیزسےگھبراتےہیں، آپ کس چیزکےلیے پرجوش اورکس چیز کےلیےشکر گزار ہیں۔ صرف اس کی پرستش میں چند منٹ سےایک گھنٹہ لگ سکتا ہے۔ خدا آپکےساتھ وقت گزارنا پسند کرتا ہے، وہ موجود ہے، آپکا خودکو دوسروں سےالگ کرنے کا وقت ہے۔

## نبوتی اقرار

**زندگی کےاس گہرے مرحلےمیں میں عقلمندی سےچل رہا ہوں، میں صحیح وقت پر صحیح جگہ پر ہوں۔ میں خُداوند کیساتھ اپنےتعلق کو مزید گہرا کروں گا۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

**زبُور 100: 1**



**یُوحنّا 4: 16 – 1**

**جو مُحبّت خُدا کو ہم سے ہے ہے اُس کو ہم جان گئے اور ہمیں اُس کا یقِین ہے۔ خُدا مُحبّت ہے اور جو مُحبّت میں قائِم رہتا ہے وہ خُدا میں قائِم رہتا ہے اور خُدا اُس میں قائِم رہتا ہے۔**

اب جبکہ ہم جانتےہیں، روح اورسچائی کیساتھ خداکی پرستش کرنےکاکیامطلب ہے، آئیےاس بات کوعمل میں لائیں جسکی ہم نے بات کی ہے۔ ایک چیزجس پر آپ بھروسہ کرسکتےہیں وہ ہےآپکےلیےخداکی محبت۔ خُدا چاہتا ہےکہ ہم اُس کےدوست بنیں۔ ہم اس کےلیےبہت خاص ہیں۔ دوست آپکومایوس کرسکتےہیں، آپکےپسندیدہ گیجٹ اور کھلونےٹوٹ سکتےہیں اورجب سب کچھ ختم ہو جائےتو اس حقیقت پر بھروسہ رکھیں کہ خدا آپکےلیےحاضرہے۔

آپکو خدا سےملاقات کےلیےوقت نہیں لینا پڑتا۔ اس کے 5-9 کےدرمیان سخت دفتری اوقات نہیں ہیں۔ آپ جب چاہیں، جہاں چاہیں خدا سےبات کرسکتےہیں اور وہ آپکی بات سننےکےلیےہمیشہ تیار رہےگا۔ صرف اس وقت خدا کےپاس نہ آئیں جب آپکو کسی چیزکی ضرورت ہو بلکہ روزانہ کی عادت بنائیں کہ آپ اپنےآسمانی باپ سےبات کرنےمیں وقت گزاریں۔

## نبوتی اقرار

**خُداوند کیساتھ میری رفاقت پہلےسےکہیں زیادہ گہری ہے۔ میں روح اور سچائی سےاس کی پرستش کرتا ہوں۔ ہیلیلویاہ۔**

**مزید مطالعہ**

کُلسِّیوں 3: 12-14



**کُرنتھِیوں 3: 11 - 1**
**کیونکہ سِوا اُس نیو کے جو پڑی ہُوئی ہے اور وہ یِسُوعؔ مسِیح ہے کوئی شخص دُوسری نہیں رکھ سکتا۔**

بنیاد ایک عمارت کا سب سےنچلا حصہ ہوتا ہےاوربنیاد کا مقصد اسکےاوپر والی عمارت کو کھڑا اور جوڑے رکھنا ہوتا ہے۔

جب تعمیراتی کارکن گھربناتےہیں، تو انہیں صحیح سامان کی ضرورت ہوتی ہے۔ پہلی چیزکنکریٹ کیساتھ بنیاد رکھنا ہے۔ ایک گھر بنانے کےلیےآپکو ایک مضبوط ٹھوس بنیاد کی ضرورت ہوتی ہے، بطورمسیحی ہماری بنیاد مسیح میں ہے اور آپکو پہلےاُسےجاننا چاہیے۔

بچو مسیح کو جاننا آسان ہے، ہر روز خدا کےکلام کو پڑھنےکیساتھ شروع کریں اور روح القدس کو آپکو سکھانےکی دعوت دیں۔ مسیح کےبغیر، یہ ریت میں گھر بنانےکےمترادف ہے۔ خُدا اپنےبچوں کی رہنمائی کرتا ہے، اُنکی مدد کرتا ہےکہ وہ اچھے انتخاب کرنا سیکھیں اور اُس کےعلم میں بڑھیں۔

آپکو جس چیز کا بھی سامنا ہے، اس میں سےکوئی بھی خدا کےلیے اتنا بڑا نہیں کہ وہ سنبھال نہ سکے۔ ہمارے خداوند یسوع کو آپکی بنیاد اور چٹان بننےدیں۔

## نبوتی اقرار

**میں خُداوند یسوع مسیح کے ذریعے امن میں ہوں کیونکہ میں ایک مضبوط بنیاد پر کھڑا ہوں جو مسیح میری چٹان ہے۔**

**مزید مطالعہ**
زبُور 62: 6



**زبُور 91: 1**
**جو حق تعالیٰ کے پردہ میں رہتا ہے۔ وہ قادرِ مُطلق کے سایہ میں سکُونت کرے گا۔**

بچو خوشخبری، کیا آپ خوش نہیں ہیں کہ آپکی بنیاد مسیح ہے۔ اب جبکہ آپکی بنیاد پہلےہی رکھی جاچکی ہے، جو کہ یسوع مسیح ہے، اگلا مرحلہ سلامتی کےلیےاپنی مضبوط دیواریں بنانا ہے۔ بچوصحیفہ کہتا ہےکہ جو لوگ قادر مطلق کی پناہ میں رہتےہیں انہیں محفوظ جگہ ملتی ہے۔ دیواروں کےبغیر کوئی پناہ گاہ نہیں، پناہ گاہیں طوفان، بارش، سردی، حتیٰ کہ دشمنوں سےبھی حفاظت فراہم کرتی ہیں۔

جب آپ سمجھ جاتےہیں کہ خُدا آپکےلیے کیا چاہتا ہے، تو آپ ایک اچھی طرح سے تعمیر شدہ پناہ گاہ کیطرح مضبوط اور محفوظ ہو جاتے ہیں۔ بائبل کے علم سےآپکو اچھے فیصلے کرنےکی سمجھ ملتی ہے۔ خداکی محبت وسیع اور گہری ہےاور یہ زمین سے بہت آگے تک پھیلی ہوئی ہے۔ اب آپ مسیح میں محفوظ ہیں۔ ایک اچھی بنیاد اور پناہ گاہ کیساتھ، آپکی زندگی لامحدود ہے اور آپکی حفاظت کی جائیگی۔

## نبوتی اقرار

**میں خدا کے کلام سے اپنی دیواریں بنا رہا ہوں۔ مسیح مجھ میں جلال کی امید ہے میں محدود نہیں ہو سکتا۔ جلال آمین۔**

**مزید مطالعہ**
تِیمُتھِیُس 4: 8 – 2



**اَعمال 4: 12**

**اور کِسی دُوسرے کے وسِیلہ سے نجات نہیں کیونکہ آسمان کے تَلے آدمِیوں کو کوئی دُوسرا نام نہیں بخشا گیا جِس کے وسِیلہ سے ہم نجات پا سکیں۔**

جب آپ اپنےوالدین کیساتھ سڑک یا موٹر وے پرگاڑی چلا رہےہوتےہیں تو آپ میں سےاکثر نےسمت بتانےوالےنشانات دیکھےہوں گے۔ کچھ نشانات آپکودکھاتےہیں کہ آپ صرف ایک ہی سمت میں جاسکتےہیں، انکو یک طرفہ سڑکیں کہاجاتا ہےاور اسکی وجہ کارحادثات کو روکناہے۔

اسی طرح آج دنیا میں بہت سےجھوٹ بولےجا رہےہیں کہ جنت میں جانےکےبہت سےراستے ہیں، لیکن یہ بالکل درست نہیں ہے۔ درج بالا کاصحیفہ کہتاہےکہ جنت میں جانےکاواحد راستہ یسوع مسیح کو اپنےخداوند اور نجات دہندہ کےطورپر قبول کرناہے۔

وہ ہمارا آغازاورہمارا انجام ہے، اس لیے آج ہی کسی کو بتائیں کہ ہماراخدا کتنا شاندار ہے۔ اپنےدوستوں اورخاندان کیساتھ خوشخبری بانٹیں۔ جیسے جیسے آپ بڑے ہوتے جائیں گے، آپکے دوست بدل سکتےہیں، آپکی پسند کی چیزیں بدل جائیں گی لیکن ایک چیزجو نہیں بدلےگی وہ خداہے۔ آج ہی اسےاپنی اولین ترجیح بنائیں۔

## نبوتی اقرار

**آج میرے لیےایک نیا دن ہے، اور میں بادشاہی کےلیے اُس کا کام کسی کو یہ بتا کر کروں گا کہ خُدا کتنا شاندار ہے۔ ہیلیلویاہ۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

سموئیل 2: 2 – 1



**متّی 6: 21**

**کیونکہ جہاں تیرا مال ہے وہیں تیرا دِل بھی لگا رہے گا۔**

کیا یہ اچھا نہیں ہےکہ ہماری تعلیمات کےمطابق مسیح ہماری بنیاد ہے۔ اب اگر میں آج آپ سےپوچھوں کہ آپکی زندگی میں اس وقت سب سےاہم چیزکیاہے؟ آپ اپنا وقت اورتوانائی کہاں خرچ کرتےہیں؟

خیر آج کی آیت کہتی ہےکہ جہاں آپکا مال ہوتا ہےوہیں آپکا دل لگتا ہے یعنی اگر آپکا وقت ویڈیو گیمز اور دوستوں کیساتھ کھیلنےمیں یا جس چیز پربھی آپکا وقت اورخیالات مرکوز ہیں تو یہ آپکی زندگی کی سب سےاہم چیز بن جاتی ہے۔

یاد رکھیں کہ خدا کا کلام سچائی ہے۔ یقینی بنائیں کہ آپکا دل کسی قابل قدر چیز پر مرکوز ہے۔ زندہ رہنے میں سب سے اہم چیز مسیح کو اپنی بنیاد بنانا ہے، اس کے لیے خوش ہوں جو مسیح نے آپکے لیے کیا ہے۔ آج سے مسیح پر توجہ دیں۔ اپنی نگاہیں خدا پر مضبوطی سے رکھیں اور کسی چیز کو آپکو اس سے دور نہ کرنے دیں۔

## نبوتی اقرار

**میں اپنے ایمان میں جلال سے جلال کی طرف بڑھ رہا ہوں۔ خداوند میرے ہر قدم کی رہنمائی کر رہا ہے۔ ہیلیلویاہ۔**

**مزید مطالعہ**

زبُور 25: 15



**یُوحنّا 15: 9**
**جَیسے باپ نے مُجھ سے مُحبّت رکھّی وَیسے ہی مَیں نے تُم سے مُحبّت رکھّی۔ تُم میری مُحبّت میں قائِم رہو۔**

بچو، کیا آپکےپاس کوئی کھلونا ہےجو آپکو بہت پسند ہے؟ ہو سکتا ہےوہ آپکوبطورتحفہ ملا ہو۔ خیرہم جانتےہیں کہ آپ یہ یقینی بنائیں گےکہ آپکےکھلونےکاہمیشہ خیال رکھاجائےکیونکہ آپ اسےپسند کرتےہیں۔ ہوسکتا ہےآپ اسےتھوڑی دیرمیں ایک بارصاف کریں یا یقینی بنائیں کہ کوئی اسےنہ توڑے۔ آپ صرف یہ نہیں کہتےکہ آپکوکھلونا پسند ہےبلکہ آپ اسےاپنےاعمال سےظاہرکرتےہیں۔

بالکل یسوع کی طرح، اس نےصرف اپنےالفاظ سےتعلیم نہیں دی۔ اس نےیہ ظاہرکرنےکےلیےاعمال کا استعمال کیاکہ وہ ہم سےپیارکرتاہے۔ مثلاً، اس نےاپنےشاگردوں سےمحبت ظاہرکی کیونکہ وہ چاہتا تھاکہ وہ سمجھیں کہ پیارکا اظہارکرناکتنا ضروری ہے۔ ہرکوئی چاہتا ہےکہ اس سےپیارکیاجائے لیکن یہ مت بھولیں کہ خدا آپ سےزیادہ پیارکرتاہے۔

آج کسی اور کے لیے کچھ کرنے کے لیے تھوڑا وقت نکالیں، انہیں دکھائیں کہ وہ کتنے اہم ہیں، اور یسوع کی مثال پر عمل کریں اور دوسروں کےلیے مسیح کےپیارکامظاہرہ کریں۔

## نبوتی اقرار

**میں پیار میں چلنے کا انتخاب کرتا ہوں۔ میں جو کچھ بھی کرتا ہوں پیار سے کرتا ہے اور میں دوسروں کو مسیح کا پیار دکھاؤں گا۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**
رُومِیوں 5: 8



**متّی 7: 24**

**پس جو کوئی میری یہ باتیں سُنتا اور اُن پر عمل کرتا ہے وہ اُس عقل مند آدمی کی مانِند ٹھہرے گا جِس نے چٹان پر اپنا گھر بنایا۔**

بچو آپکے لیے ایک چھوٹا سا تجربہ ہے۔

ایک پیالہ لیں اور اسکے اندر ایک بڑا پتھر رکھ دیں۔ پتھر کےاوپر کاغذ کا ایک چھوٹا ٹکڑا رکھیں۔ پتھر کے اردگرد آدھا پانی ڈالیں۔ کیا ہوتا ہے؟ کچھ نہیں، ٹھیک ؟ اب ایک اور پیالے میں تھوڑی سی چینی لیں اور کاغذ کو اوپر رکھیں۔ چینی کے ارد گرد آدھا پانی ڈالیں۔ کیا ہوتا ہے؟ پانی اندر گرتا ہے۔

اب جب آپ وہ سنیں گے اور کریں‌گے جیسا کہ یسوع نے کہا ہےتو آپ چٹان کی چوٹی پر کاغذ کی طرح ہوں‌گے، چاہے کچھ بھی ہو جائے، چاہے کوئی کچھ کہے یا اپنے الفاظ سے آپکو تکلیف پہنچائے، آپ کبھی پانی میں نہیں گریں گے۔ کیوں؟ کیونکہ کلام ہماری مضبوط بنیاد ہے۔

## نبوتی اقرار

**یسوع میری بنیاد ہے۔ جب میں وہ سنتا اور کرتا ہوں جیسا کہ یسوع اپنے کلام میں کہتا ہے میں کبھی بھی زمین پر نہیں گروں گا یسوع کے قادر نام میں، آمین !**

**مزید مطالعہ**

متّی 7: 24-29



**زبُور 112: 1**

**خُداوند کی حمد کرو۔ مُبارک ہے وہ آدمی جو خُداوند سے ڈرتا ہے اور اُس کے حُکموں میں خُوب مسرُور رہتا ہے۔**

ایک پرانی کہاوت ہے کہ "اگر آپ کسی چیز کےلیے کھڑے نہیں ہیں تو آپ کسی بھی چیز کےلیے گر جائیں گے۔" یعنی آپکا کسی چیز پر پختہ یقین ہونا چاہیے ورنہ آپکو لوگ جو کچھ بھی بتائیں گےآپ سنیں گے چاہے وہ غلط ہی کیوں نہ ہو۔

درج بالا صحیفہ بہت واضح ہے، جن کی بنیاد مضبوط ہے وہ خداوند سے ڈرتے ہیں اور وہ اپنے ایمان کےبارے میں ایماندار ہیں اور خدا کی ہدایات پر عمل کرتے ہیں۔ اپنا بہترین ورژن بننےکےلیے پرانی زندگی سے پرانی چیزوں اور سرگرمیوں سے دور ہونا شامل ہوسکتا ہے کیونکہ آپ مسیح میں ایک نئی مخلوق ہیں۔

خدا آپکو بڑھائےگا اور آپکی برکتوں میں اضافہ کریگا لیکن فیصلہ کریں کہ آپ کس بنیاد پرکھڑے ہونےجا رہےہیں۔ یقینی بنائیں کہ یہ مضبوط چٹان کی بنیاد ہےجو مسیح ہے۔

## نبوتی اقرار

**میں مضبوط بنیاد پر قائم ہوں جو مسیح ہے۔ میں دنیا کی روشنی میں ہوں اور میرےاندر خدا کی زندگی نتائج پیدا کر رہی ہے۔ ہیلیلویاہ۔**

**مزید مطالعہ**

تِیمُتھِیُس 2: 15 – 2



**پَیدائش 1: 26**

**پِھر خُدا نے کہا کہ ہم اِنسان کو اپنی صُورت پر اپنی شبِیہ کی مانِند بنائیں اور وہ سمُندر کی مچھلیوں اور آسمان کے پرِندوں اور چَوپایوں اور تمام زمِین اور سب جان داروں پر جو زمِین پر رینگتے ہیں اِختیار رکھّیں۔**

کیا آپ پرکبھی کسی چیزکی دیکھ بھال کرنےکےلیے بھروسہ کیاگیا ہے؟ فرض کریں کہ آپ پرایک دوست کےکھلونےکے لیے بھروسہ کیا جاتاہے، جب آپ پر اسکےلیے بھروسہ کیا گیا، اب آپ اسکےانچارج ہیں۔

خدا نے ہمیں ایک خوبصورت دنیا دی ہے اور اسکی دیکھ بھال کرنےکےلیےہم پر بھروسہ کیا ہے۔ آپ اس سب کےانچارج ہیں۔ آیت ہمیں بتاتی ہےکہ تمام مخلوقات کیساتھ جوخدا نےبنائی ہے، اس نےہمیں بالکل اس کےجیسانظرآنےاور زمین کی ہرچیزپر حکمرانی کےلیے پیداکیا۔

یہ ایک بہت بڑی نعمت ہے، لہٰذا اسےکبھی کم نہ سمجھیں، خداوند نےاس زمین پرسب کچھ چھوڑ دیا ہےتاکہ آپکو بہت ساری نعمتیں مل سکیں۔ سب سے بڑھ کر خدا چاہتا ہےکہ آپ ترقی کریں۔

## نبوتی اقرار

**میں حد سے زیادہ برکت والا ہوں۔ ہر چیز جس کو میں چھوتا ہوں بابرکت ہے۔ ناکامی ماضی کی بات ہے، خدا کی ذات کو جلال۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

امثال 10: 22



**اِستِثنا 28: 3**

**شہر میں بھی تُو مُبارک ہو گا اور کھیت میں بھی مُبارک ہو گا۔**

بچو، کیا آپ جانتے ہیں کہ آپ کے شہر یا قصبے میں کتنے لوگ رہتے ہیں؟ آپ جس ملک میں ہیں اس کا کیا حال ہے۔ وہاں بہت سے لوگ ہوں گے۔ اِستِثنا 28 میں، یہ کہتا ہے کہ جب آپ خدا کی اطاعت کرتے ہیں تو وہ آپ کو آپ کے ملک میں سب سے بہتر بنا دیگا۔ پھر ہماری آج کی آیت سے یہ کہتا ہے کہ تم شہر اور ملک میں مبارک ہونگے۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ دنیا میں کہیں بھی ہوں آپ بابرکت ہے !

بچو ہمیشہ یاد رکھیں کہ خدا کہتا ہے کہ اس نے
آپ کو تمام اقوام میں بہترین بنایا ہے کیونکہ آپ خدا کے فرزند ہیں۔ آپ مبارک ہیں، آپ جو کچھ بھی کرتے ہیں، آپ جہاں بھی جاتے ہیں، آپ مبارک ہیں !

## نبوتی اقرار

**میں شہر میں مبارک ہوں، میں ملک میں مبارک ہوں. میں یسوع کے نام میں ہر جگہ مبارک ہوں! ہیلیلویاہ !**

**مزید مطالعہ**

اِستِثنا 28: 2-1



**پطرؔس 1: 3 - 1**

**ہمارے خُداوند یِسُوعؔ مسِیح کے خُدا اور باپ کی حمد ہو جِس نے یِسُوعؔ مسِیح کے مُردوں میں سے جی اُٹھنے کے باعِث اپنی بڑی رحمت سے ہمیں زِندہ اُمّید کے لِئے نئے سِرے سے پَیدا کِیا۔**

گنتی بعض اوقات مزےکی ہوسکتی ہے، خاص طورپر جب آپ گنتی کرنا گیم سےسیکھ رہےہوں۔ آئیےآج ایک دوست کیساتھ کھیلتےہیں۔ مختلف رنگوں والی مٹھائیوں کا ایک پیکٹ لیں۔ انہیں ایک کنٹینرمیں رکھیں، ڈھکن بندکریں اورہلائیں، ہلائیں، ہلائیں! ڈھکن کھول کرپلیٹ میں ڈال کرمٹھائیاں جمع کرنا شروع کردیں۔ سب سےزیادہ مٹھائی والاشخص جیتتا ہے۔

اب بچو، یہ ویسا ہی ہےجب آپکوکوئی برکت ملتی ہے، آپ ایک فاتح کیطرح محسوس کرتےہیں کیونکہ خدا نےآپکوانعام دیا ہےکیونکہ آپ اس کےفرزندہیں۔

بچو ہم حد سےزیادہ برکت والےہیں۔ ہمارےپاس ہر وہ چیزہےجسکی ہمیں ضرورت ہےاوراسکامطلب یہ نہیں ہےکہ آپ اپنےہاتھ بھی نہ ہلائیں اورخدا ہرچیزکاخیال رکھےگاجسکی آپ میں صلاحیت ہے، لہٰذاخداکیساتھ کچھ بھی ناممکن نہیں ہے۔ آج ہی جائیں اوراپنی برکت حاصل کریں۔

## نبوتی اقرار

**میں حد سےزیادہ مبارک ہوں۔ میں اپنی زندگی کی ہرچیز پراختیار رکھتا ہوں۔ آج میں یسوع کےقادرنام میں اپنی زندگی کی زمہ داری سنبھالتاہوں۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

مرقس 10: 27


GoodNews
DAILY
Kids
DAILY DEVOTIONAL
GoodNews
DAILY FOR KIDS
As cold waters to a thirsty soul, so is



**عِبرانیوں 11: 1**

**اب اِیمان اُمّید کی ہُوئی چِیزوں کا اِعتماد اور اَن دیکھی چِیزوں کا ثبُوت ہے۔**

بچو خوشخبری، کیا آپ نےکبھی لوگوں کو یہ کہتےسنا ہےکہ دیکھنا ایمان ہے؟ ایسےلوگ سوچتےہیں کہ کوئی چیزصرف تب حقیقی ہےجب آپ اسےاپنےجسمانی حواس سےدیکھ سکیں یا اسکا تجربہ کرسکیں۔ ہماری آیت صاف بتاتی ہےکہ اس طرح عمل کرنا ایمان نہیں ہے۔ اگر آپ اپنی آنکھوں سےکوئی چیز دیکھ سکتےہیں تو آپکو یہ جاننےکےلیے کہ وہ موجود ہےایمان کی ضرورت نہیں ہے، کیا آپکو ہے؟

صرف اس وجہ سےکہ آپ اپنی آنکھوں سےکچھ نہیں دیکھ سکتےاسکا مطلب یہ نہیں ہےکہ وہ موجود نہیں ہے۔ جب ابرہام کو خدا کی طرف سےبتایا گیا کہ انکےہاں بچہ ہوگا، تو انکی زندگی میں ایساکچھ ظاہرنہیں ہوا کہ یہ ممکن ہو۔ درحقیقت یہ ناممکن تھا لیکن یہیں ایمان کاکام شروع ہوتا ہے۔ اگرآپ مسیح میں کچھ چاہتےہیں لیکن آپ اسےاپنی زندگی میں نہیں دیکھتے، تو ایمان کا استعمال کریں!

## نبوتی اقرار

**میں ایمان کےساتھ چلوں گا نہ کہ جو کچھ میں دیکھتا یا محسوس کرتا ہوں۔ جب تک خدا نےیہ کہا، نبی نےاسکی تصدیق کی: تو یہ بات طے ہو گئی !**

**مزید مطالعہ**

کُرِنتھِیوں 4: 18 – 2



**اِفِسیوں 2: 8**

**کیونکہ تُم کو اِیمان کے وسِیلہ سے فضل ہی سے نجات مِلی ہے اور یہ تُمہاری طرف سے نہیں۔ خُدا کی بخشِش ہے۔**

جب آپ نئےسرے سے پیدا ہوتےہیں، تو آپ خدا کی طرف سے تحفہ کےطورپر ایمان کیساتھ پیدا ہوتےہیں۔ آپ دیکھتےہیں، بہت سے لوگ جو خُدا کو نہیں جانتے اُنکےلیے یہ یقین کرنا مشکل ہوتا ہےکہ وہ حقیقی ہےاور یہ کہ بائبل سچ ہے۔ کیونکہ انہوں نےخوشخبری سن کر تحفہ کے طورپر ایمان کو قبول نہیں کیا۔ جس لمحےآپ اسےسنتےہیں، خدا آپکو اس (خدا) پر یقین کرنے کی صلاحیت دیتا ہے، جو کہ ایمان ہے۔ اسکےبغیر نجات حاصل کرنا ناممکن ہے۔

خدا کا شکر ہےکہ آپ اسی ایمان کیساتھ پیدا ہوئےجو خداوند یسوع کےپاس تھا! لہذا جب آپ ہر اچھی بات پر یقین کرتے ہیں جو خدا آپکے بارے میں کہتا ہے، جو کہ ایمان ہے، آپ کامیاب ہوں‌گے اور مافوق الفطرت نتائج حاصل کریں‌گے۔ بچو کامیابی کےلیے اپنے تحفے کا استعمال کریں۔

## نبوتی اقرار

**میں ایمان کا بچہ ہوں اور میں اسکے ساتھ پیدا ہوا ہوں۔ ایمان میرا طرز زندگی ہے اور اس کے ساتھ مجھے اچھا نتیجہ ملے گا۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

عِبرانیوں 11: 6



**رُومِیوں 10: 17**

**پس اِیمان سُننے سے پَیدا ہوتا ہے اور سُننا مسِیح کے کلام سے۔**

جب ہم نئے سرے سے پیدا ہوتے ہیں تو ہم سب کو ایک ہی مقدار میں ایمان ملتا ہے لیکن اس ایمان کو بڑھانا ضروری ہے تاکہ ہم اپنی زندگیوں میں خُدا کی مزید بھلائی کا تجربہ کر سکیں۔ خُداوند یسوع نے بائبل میں ایمان کی مختلف سطحوں کو بیان کیا جیسے متّی 14: 31 میں ”کم اعتقاد“ یا متّی 8: 10 میں ”بڑا اعتقاد“۔ آپ صرف اپنے ایمان کے مطابق تجربہ کر سکتےہیں۔

خوشخبری یہ ہےکہ ایمان ایک پٹھے کی طرح ہے اور جتنا ہم اس پر کام کرتے ہیں اتنا ہی یہ بڑھتا جاتا ہے۔ ہمارا صحیفہ ہمیں بتاتا ہےکہ ایمان خوشخبری سننے سے پیدا ہوتا ہے پھر اسے بڑھنے کے لیے ہمیں اسے بولنا اور اس پر عمل کرنا چاہیے۔ اگر ہم اپنی زندگیوں میں بہتر نتائج چاہتے ہیں تو ہمیں اپنے ایمان کو بڑھانا چاہیے۔ آپکا کتنا ایمان ہے؟

## نبوتی اقرار

**میں کلام پر عمل کرنیوالا ہوں۔ میں صرف سننے والا نہیں بلکہ عمل کرنیوالا ہوں۔ میں خوش ہوں کیونکہ کلام کام کرتا ہے !**

**مزید مطالعہ**

متّی 14: 31، متّی 8: 10



**کُرنتھِیوں 4: 13 – 2**

**اور چُونکہ ہم میں وُہی اِیمان کی رُوح ہے جِس کی بابت لِکھا ہے کہ مَیں اِیمان لایا اور اِسی لِئے بولا۔ پس ہم بھی اِیمان لائے اور اِسی لِئے بولتے ہیں۔**

بچو آج کی آیت ہمیں بتاتی ہےکہ ایمان اصل میں کیسےکام کرتا ہے؟ ہم صرف اس سےبات کرتےہیں۔ ہم ہمیشہ کسی ایسی چیزکے بارےمیں بات کریں گےجس پر ہم واقعی یقین رکھتےہیں، ہےنا؟

سوچیں اگرآپکےوالدین نےاس بالکل نئی موٹرسائیکل کا وعدہ کیا ہےجو آپ ہمیشہ چاہتےہیں۔ مجھےیقین ہےکہ آپ اپنےتمام دوستوں کو بتائیں گےاور منصوبہ بندی بھی کریں گےکہ آپ اس پرکہاں سواری کرنےجا رہےہیں۔ جب تک وہ خاص دن نہ آجائےآپ اسکےبارے میں سوچنا یا بات کرنا بند نہیں کریں گے۔ اسکی وجہ یہ ہےکہ آپکو بڑا ایمان ہےاور آپ اسکی توقع کر رہےہیں۔

لہذا بچو، جب آپ اپنی صحت، خاندان یا اسکول کےبارےمیں خوشخبری سنتےہیں تو اسکےبارے میں بات کرنا یاسوچنا بند نہ کریں۔ اپنےایمان سےبات کرتےرہیں اورآپ نتائج دیکھیں گے۔

## نبوتی اقرار

**میں ہرچیز میں اپنی کامیابی کی بات کرتا ہوں۔ میں ابھی اپنی صحت کی بات کرتا ہوں۔ میں اپنےپورے خاندان میں امن اور تحفظ کی بات کرتا ہوں !**

**مزید مطالعہ**

رُومِیوں 10: 10-8



**متّی 4: 4**

**اُس نے جواب میں کہا لِکھا ہے کہ آدمی صِرف روٹی ہی سے جِیتا نہ رہے گا بلکہ ہر بات سے جو خُدا کے مُنہ سے نِکلتی ہے۔**

ہم ہر روز اپنےجسم کو توانائی دینےکےلیےکھانا کھاتےہیں تاکہ وہ کام کرسکیں جو ہم کرناچاہتےہیں، ہےنا؟ صحت مند متوازن غذا کھانےسےہمارے جسم کو نشوونما اور کام کرنے میں مدد ملےگی۔ تاہم، جب ہم کھانا نہیں کھاتے ہیں، تو ہم کمزور اور بعض اوقات بیمار ہو جاتےہیں۔

جب آپ نئےسرے سے پیدا ہوتےہیں، تو آپ صرف عام کھانےپر نہیں بلکہ خدا کےکلام پر زندہ رہ سکتےہیں۔ ایک دفعہ شاگرد خُداوند یسوع کو چھوڑ کرکھانا تلاش کرنےگئے کیونکہ وہ تھکے ہوئے اور بھوکےتھے۔ جب اُنہوں نے اُسے کھانا کھلانے کی کوشش کی تو خُداوند نے کہا کہ اُس کے پاس کھانا ہے جسکے بارے میں وہ نہیں جانتے۔

خدا کا کلام خوراک ہےاور آپکی روح کو وہ تمام توانائی فراہم کرتا ہےجسکی آپکو اپنی زندگی میں ضرورت ہے۔

## نبوتی اقرار

**میں خدا کے کلام سے جیتا ہوں اور اسی لیے میں ایمان سے ایمان تک زندہ رہتا ہوں۔ کلام ہمیشہ میرے قدموں کے لیے چراغ ہے۔**

**مزید مطالعہ**

ایُّوب 23: 12، یُوحنّا 4: 32



**مرقس 11: 24**

**اِس لِئے مَیں تُم سے کہتا ہُوں کہ جو کُچھ تُم دُعا میں مانگتے ہو یقِین کرو کہ تُم کو مِل گیا اور وہ تُم کو مِل جائے گا۔**

بچو، آپ کسی ایسی چیز پر یقین نہیں رکھ سکتے جسکےبارے میں آپ کچھ نہیں جانتے۔ جب آپ کلام میں اپنےعلم میں اضافہ کریں‌گے، تو آپکا ایمان بڑھےگا کیونکہ یہ خدا کا کلام آپکو بتاتا ہےکہ آپکے پاس کیا ہے۔

فرض کریں، آپکو ایک بورڈ نظر آتا ہےجس پرلکھا ہے ’چکن شاپ‘۔ جب آپ دکان پرجاتےہیں تو آپکو یقین ہوتا ہےکہ جب آپ چکن خریدنے کےلیےکہیں گےتو وہ آپکو چکن دیں‌گےکیونکہ بورڈ پہ ایسا لکھا ہے۔ یہ عجیب بات ہوگی اگر وہ کہیں کہ انکےپاس چکن بالکل نہیں ہےکیونکہ بورڈ پہ کچھ اور لکھا ہے، ہےنا؟

خدا کا کلام وہ بورڈ ہےجو آپکو بتاتا ہےکہ کیا موجود ہےلہذا جب آپ کلام کے مطابق دعا کرتےہیں تو یقین رکھیں کہ آپ نے ایمان کے ساتھ اسے حاصل کر لیا ہے !

## نبوتی اقرار

**اس سال میری دعاؤں کا ایک کے بعد ایک جواب مل رہا ہے۔ بےجواب دعا میرا حصہ نہیں ہے۔**

**مزید مطالعہ**

مرقس 11: 24-23، 1 – یُوحنّا 5: 14



**لُوقا 8: 25**

**اُس نے اُن سے کہا تُمہارا اِیمان کہاں گیا؟ ۔۔۔**

ہماری آیت میں خُداوند یسوع اپنے پیروکاروں پر حیران تھا۔ وہ اب ایک طویل عرصے سے اس کی پیروی کر رہے تھے اور مافوق الفطرت کا مشاہدہ کر چکے تھے۔ خُداوند نے سوچا کہ اُس کے پیروکار اب تک ایمان میں بڑھ چکےہوںگے اور اُن سے توقع تھی کہ وہ کشتی پر حملہ کرنے والے طوفان سے نمٹیں گے۔ اسکی بجائے پیروکار گھبرا گئے اور قائل تھے کہ وہ ڈوب جائیں گے۔ خداوند نے ان سے پوچھا کہ ان کا ایمان کہاں گیا؟ وہ کیسے جانتا تھا کہ ان کا ایمان ختم ہو گیا ہے؟ انکے بولے گئے منفی اور خوف زدہ الفاظ سے۔

بچو، آپ کا ایمان آپ کی باتوں سے نظر آتا ہے۔ آپ کو کسی بھی مشکل کا سامنا ہو، منفی بات کرنے سے گریز کریں۔ اپنے اقرار پر قائم رہیں اور کبھی جانے نہ دیں !

## نبوتی اقرار

**میں اپنے اقرار پر قائم ہوں۔ میں خوف اور شک سے انکار کرتا ہوں۔ جیسا کہ آپ خدا کا کلام بولتے ہیں، میری زندگی کا ہر طوفان خاموش ہو جاتا ہے۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

لُوقا 8: 25-22



GoodNews DAILY



**یُوحنّا 5: 4 - 1**

**جو کوئی خُدا سے پَیدا ہُوا ہے وہ دُنیا پر غالِب آتا ہے اور وہ غلبہ جِس سے دُنیا مغلُوب ہُوئی ہے ہمارا اِیمان ہے۔**

کچھ لوگ زندگی میں ذہین یا امیر گھرانےسے ہونےکی وجہ سےکامیاب ہوتے ہیں۔ بچو، جب ہم نئےسرے سےپیدا ہوتےہیں، تو ہم ان سب چیزوں کی وجہ سے کامیاب نہیں ہوتے۔ ہمارا صحیفہ واضح طورپر بتاتا ہےکہ ہمیں اپنےایمان کےذریعےجیت ملی۔ اسےسمجھیں۔

جیسے زمین پرلوگ کامیابی کےلیے پیسےکا استعمال کرتےہیں، اسی طرح روحانی میدان میں ہم اپنی کامیابی ایمان کو پیسے کیطرح استعمال کرکےحاصل کرتےہیں۔ ایمان ہی ہے جو آپکو سب چیزوں میں مافوق الفطرت نتائج پیدا کرنےکے قابل بناتا ہے۔ ہاں، آپ نےمجھےسنا، سب چیزوں میں۔

بچو خداکےکلام کا استعمال کرتےہوئے ہرموقع پر اپنےایمان کا استعمال کریں۔ اس ہفتےکےبارےمیں آپ نےجو ایمان سیکھا ہےاسے استعمال کرتےہوئے ہر منفی صورتحال کو تبدیل کریں۔

## نبوتی اقرار

**میں اس پر یقین رکھوں گا جب تک میں اسے بنا نہیں لیتا۔ ایمان میرا طرز زندگی اور ہر چیز میں میری جیت ہے۔ میرا ایمان بڑھ رہا ہے اور بڑا ایمان بنتا جا رہا ہے۔ میرے نتائج میرے آس پاس والوں کو حیران کردیں گے۔**

**مزید مطالعہ**

متّی 17: 20



**پَیدائش 1: 3**
**اور خُدا نے کہا کہ رَوشنی ہو جا اور رَوشنی ہو گئی۔**

بچو کیا آپ نےکبھی سوچا ہےکہ آپ جو بھی حیرت انگیز چیزیں دیکھتےہیں وہ کیسےبنیں؟ ہم جانتےہیں کہ خدا نے ہرچیز کو پیدا کیا لیکن اس نے واقعی یہ کیسے کیا؟

میں چاہتا ہوں کہ ہم آج اپنے صحیفےکے پہلے تین الفاظ پر غورکریں۔ خدا نےصرف وہی کہا جو وہ چاہتا تھا اور یہ وجود میں آیا۔ زبردست. اس کےپاس معماروں کی ٹیم یا ٹولز سےبھرا جادوئی خانہ نہیں تھا۔ اس نے صرف اپنےالفاظ استعمال کئے۔ ہر ایک چیز جو آپ دیکھتےہیں الفاظ کا استعمال کرتے ہوئے بنائی گئی تھی۔

گویا خوشخبری صرف یہی نہیں تھی، جب آپ نئے سرے سے پیدا ہوئےتو خدا نے آپکو ایسا کرنے کی صلاحیت دی! آپکے الفاظ دوسرے لوگوں سے مختلف ہیں جو خدا کو نہیں جانتے۔ آپکے الفاظ میں خدا کی تخلیقی قوت ہے۔ آپ مسیح میں کیا چاہتے ہیں؟ اسے ابھی بولیں۔

## نبوتی اقرار

**جو الفاظ میں بولتا ہوں وہ روح ہیں اور وہ زندگی بخشتے ہیں۔ میرے الفاظ خدا کی طاقت رکھتے ہیں۔ میں چیزوں کو وجود میں لانے کا حکم دوں گا۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**
رُومِیوں 4: 17



**متّی 12: 33**

**یا تو درخت کو بھی اچّھا کہو اور اُس کے پَھل کو بھی اچّھا یا درخت کو بھی بُرا کہو اور اُس کے پَھل کو بھی بُرا کیونکہ درخت پَھل ہی سے پہچانا جاتا ہے۔**

میں کھیتی باڑی سےلطف اندوز ہوتا ہوں اور ایک چیزجو میں نےسیکھی وہ یہ ہےکہ آپکو وہی ملتا ہےجو آپ زمین میں ڈالتےہیں۔ اگر میں کیلے کا درخت لگانا چاہتا ہوں تو مجھےکیلےکے بیج بونےہوں‌گے۔ میں سیب کے بیج لگا کر کیلےکا درخت دیکھنےکی امید نہیں کرسکتا۔

یہ بہت آسان لگتا ہےلیکن مسیحیوں کی اکثریت بالکل ایسا ہی کر رہی ہے۔ وہ بہت زیادہ وقت منفی کو سننےمیں صرف کرتےہیں اور امید کرتےہیں کہ وہ ایمان کےالفاظ کا اقرار کریں اور ایک مثبت زندگی کا تجربہ کریں۔ ممکن نہیں۔

خود کو مثبت، ایمان بھری مواد اور لوگوں سےبھریں اور آپ خود بخود صحیح الفاظ بولیں گے۔ آپ جو الفاظ بولتےہیں وہ ظاہر کرتےہیں کہ آپ خود کو کیا کھلا رہےہیں۔

## نبوتی اقرار

**میں اپنے دماغ کےتمام کچرے اور تمام منفی دوستوں سے چھٹکارا حاصل کر رہا ہوں۔ میں ایک اچھا درخت ہوں جو اچھا پھل دیتا ہے۔**

**مزید مطالعہ**

گلتِیوں 6: 7



**یُوحنّا 6: 63**

**زِندہ کرنے والی تو رُوح ہے۔ جِسم سے کُچھ فائِدہ نہیں۔ جو باتیں مَیں نے تُم سے کہی ہیں وہ رُوح ہیں اور زِندگی بھی ہیں۔**

اسکول میں آپ نےسیکھا ہوگا کہ دل یا دماغ کےبغیر ہم مرجائیں گے۔ تاہم، خداوند یسوع کہہ رہا ہےکہ اب جب آپ نئے سرے سےپیدا ہوئےہیں تو آپکےدل اور دماغ زندہ رہنےکےاصل ذرائع نہیں ہیں۔ زندگی کا اصل ذریعہ آپکےاپنےالفاظ ہیں کیونکہ وہ روح ہیں! میں شرط لگاتا ہوں کہ آپ نہیں جانتےتھےکہ آپکےالفاظ اتنےطاقتور تھے۔ خدا نے زندگی اور موت آپکے الفاظ کے قابو میں رکھی ہے (امثال 18: 21) اور اسکا مطلب ہےکہ جب آپ بولتے ہیں تو زندگی آتی ہے۔

اسکا مطلب یہ بھی ہےکہ آپکو اپنےالفاظ کاخیال رکھنا چاہیےکیونکہ اگر آپ منفی بات کرتےہیں تو وہ منفیت لا سکتےہیں۔ بچو، کیا آپ کو ہوم ورک مشکل لگ رہا ہے؟ اس سےبات کریں۔ اپنی زندگی کی ہرچیز کو زندگی دینے کےلیے الفاظ کا استعمال کریں۔

## نبوتی اقرار

**میں روح بولتا ہوں، میں ہمیشہ زندگی بولتا ہوں۔ میری زبان زندگی کا کنواں ہے، صحت کو فروغ دیتے ہیں اور میں جو کہوں گا وہی میرے پاس گا۔ ہیلیلویاہ۔**

**مزید مطالعہ**

امثال 18: 21

**مرقس 11: 21**

**پطرؔس کو وہ بات یاد آئی اور اُس سے کہنے لگا اَے ربیّ! دیکھ یہ انجِیر کا درخت جِس پر تُو نے لَعنت کی تھی سُوکھ گیا ہے۔**



ہماری آیت ہمیں یاد دلا رہی ہےکہ مسیحی ہونےکےناطےہمارے الفاظ کتنےطاقتور ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ یاد رکھیں کہ اگر مسیح آپ میں ہے، تو جب آپ بولتےہیں تو یہ خُداوند یسوع بات کر رہا ہے۔ جب خداوند بات کرتا ہےتو کیا ہوتا ہے؟ ذرا ہماری آیت میں انجیر کےدرخت سےپوچھیں! انجیرکےدرخت نےاسےپھل دینےسےانکار کر دیا جب وہ بھوکا تھا اورخداوند یسوع نے کمی کےاس ماحول کو پسند نہیں کیا۔ اس نےدرخت پرلعنت بھیجی۔ اگر آپ مزید پڑھیں گےتو آپ خداوند کو ایک اورطوفان کےماحول کو بدلتا دیکھیں گے۔

بچو، جب دشمن خوف یا منفی حالات کی صورت میں اپنا بدصورت سر اٹھاتاہے، تو اسےڈانٹ کر باہرنکال دیں۔ جب آپ بے چینی یا پریشانی محسوس کرتےہیں تو امن کی بات کریں اورآپکی زندگی میں چیزیں بدل جائیں گی۔

## نبوتی اقرار

**میں ہرمنفی ماحول کو تبدیلی کاحکم دیتا ہوں۔ جب میں یسوع کےنام میں بولتا ہوں تو ہر درد اور تکلیف ختم ہو جاتی ہے۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

مرقس 4: 41-35

God has great plans for YOU

- Jeremiah 29:11 -

GoodNews DAILY

Let your
light
SHINE

- Matthew 5:16 -

GoodNews DAILY



**یعقُوب 3: 4**

**دیکھو۔ جہاز بھی اگرچہ بڑے بڑے ہوتے ہیں اور تیز ہواؤں سے چلائے جاتے ہیں تَو بھی ایک نِہایت چھوٹی سی پَتوار کے ذِریعہ سے مانجھی کی مرضی کے مُوافِق گھُمائے جاتے ہیں۔**

ایک جہاز 200 فٹ (60 میٹر) سے زیادہ لمبا ہو سکتا ہے اور اس کا وزن 500 ٹن سے زیادہ ہو سکتا ہے جو کافی بڑا ہے۔ پتھار، جو جہاز کے جانے کی جگہ کو کنٹرول کرتا ہے، جہاز کے مقابلے میں 100 گنا چھوٹا ہے۔ اتنی چھوٹی چیز اتنی بڑی چیز پر کیسے قابو پا سکتی ہے؟

یعقوب ہماری آیت میں ہمیں بتا رہا ہے کہ ہماری زبان کا لفظ بالکل پتھار کی طرح ہے اور ہماری پوری زندگی کا نقشہ بناتا ہے۔ آپ واقعی بیٹھ کر اپنی زندگی کو اپنے الفاظ سے ڈیزائن کر سکتے ہیں۔ آپ چند مہینوں میں کہاں ہونا چاہتے ہیں؟ آج اپنی زندگی کو بتائیں کہ آپ اسے کہاں لے جانا چاہتے ہیں۔

## نبوتی اقرار

**میرا دل اچھی چیزوں کے بارے میں سوچ رہا ہے۔ میرے الفاظ لکھنے والے کے قلم کی طرح ہیں اور میں اپنی زندگی کا خاکہ لکھ رہا ہوں۔ ہیلیلویاہ۔**

**مزید مطالعہ**

امثال 12: 14



**رُومِیوں 10: 10**

**کیونکہ راست بازی کے لِئے اِیمان لانا دِل سے ہوتا ہے اور نجات کے لِئے اِقرار مُنہ سے کِیا جاتا ہے۔**

ہماری آیت ہمیں یاد دلاتی ہے کہ ہمیں نجات کیسےملی اور یہ اہم ہے کیونکہ یہ ہمیں دکھاتا ہےکہ کلام ہر وقت کیسےکام کرتا ہے۔ سب سے پہلے، ہم اپنے دلوں سےخوشخبری پر ایمان لائے اور جب ہم بولے تو ہم نے نجات پائی۔ سمجھے؟ خدا کا کلام آپ کی زندگی میں کام کرے، اس کےلیے آپکو یقین کرنے، بولنے کی ضرورت ہےاور پھرنتائج آئیں گے۔

کلام اتنا طاقتور ہےکہ یہ آپ میں اور آپکی زندگی میں وہی کچھ پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہےجو یہ کہتا ہے۔ اگرآپ کلام بولتےہیں لیکن آپکو اپنےدل میں یقین نہیں ہےتو یہ کام نہیں کرےگا۔ اگر آپکا ایمان ہےلیکن بات نہیں کرتےتو یہ کام نہیں کرےگا۔ بچو اس پر ایمان لاکر اور منہ سے بول کر عمل میں لائیں !

## نبوتی اقرار

**خدا کا کلام ہر وقت کام کرتا ہے۔ یہ میرے لیے کام کر رہا ہے اور میری زندگی میں نتائج پیدا کر رہا ہے۔ میں عمل میں خدا کا کلام ہوں۔**

**مزید مطالعہ**

کُرِنتھِیوں 4: 13 – 2



**یُوحنّا 1: 14**

**اور کلام مُجسّم ہُوا اور فضل اور سچّائی سے معمُور ہو کر ہمارے درمِیان رہا اور ہم نے اُس کا اَیسا جلال دیکھا جَیسا باپ کے اِکلَوتے کا جلال۔**

آج یوحنا ہمیں بتا رہا ہےکہ خدا کا کلام انسانی شکل میں زمین پر آیا اور ان کےدرمیان رہنے لگا۔ دلچسپ بات یہ ہےکہ وہ ہمیں بتاتا ہےکہ اس نے ”اس کا“ جلال دیکھا نہ کہ ”یہ“ جلال دیکھا۔ پس خدا کا کلام کوئی شے نہیں بلکہ ایک شخص ہے۔ تو سوال یہ نہیں ہےکہ خدا کا کلام کیا ہے بلکہ کون ہے؟ یوحنا اس سے ملا لیکن وہ کون تھا؟ وہ ہمیں بتاتا ہےکہ یہ باپ کا بیٹا، خداوند یسوع مسیح تھا۔

بچو کیا آپکو اسکی سمجھ آ رہی ہے؟ لہٰذا ہر بار جب آپ خُدا کےکلام کو سنتے یا پڑھتے ہیں، تو آپ خود خُداوند یسوع کے ساتھ وقت گزار رہے ہوتے ہیں! یہ کتنی حیرت انگیز بات ہے۔

## نبوتی اقرار

**میں کلام کا، خداوند یسوع مسیح کا فرزند ہوں۔ جیسا کہ میں خوشخبری کو پڑھنے اور سننے میں وقت گزارتا ہوں، خداوند یسوع کے ساتھ میرا رشتہ بڑھتا جا رہا ہے۔ آمین**

**مزید مطالعہ**

یُوحنّا 1: 1



**امثال 28: 1**

**اگرچہ کوئی شرِیر کا پِیچھا نہ کرے تَو بھی وہ بھاگتا ہے لیکن صادِق شیرِ بَبر کی مانِند دلیر ہے۔**

ایک مشہور بلی اور چوہے کےکارٹون (ٹام اینڈ جیری) کی ایک قسط میں، ٹام بلی چڑیاگھر کےاردگرد جیری چوہےکا پیچھا کر رہی تھی۔ جانوروں میں سےکوئی بھی ٹام کا احترام نہیں کرتا تھا اور انہوں نےرنگوں کےکچھ برتنوں سےاسکی ٹکر کروائی۔ جب ٹام حادثےسےدور جا رہا تھا تو اسےاحساس ہی نہیں ہوا کہ رنگ نےاسےشیرببر جیسا بنا دیا ہے! جانور اور انسان بھاگ رہےتھےاور ٹام حیران تھا کہ کیا ہو رہا ہے۔ اس نےاپنا عکس دیکھا اور محسوس کیا کہ کیا ہوا ہے۔ وہ اب اتنا بہادر ہو گیاکہ وہ جانتا تھا کہ وہ کس کےجیسا لگتا ہے۔ سب بھاگ گئے!

بچو، جب آپ جانتے ہیں کہ آپ کون ہیں اور یہ کہ خُدا آپ کیساتھ کھڑا ہےتو آپ بغیرکسی خوف کےچلیں گے یہ جانتے ہوئےکہ آپکو کوئی چیز چھو نہیں سکتی۔ آج شیرببر کی طرح چلیں۔

## نبوتی اقرار

**میں صرف راستبازی میں نہیں تھا، میں خدا کی راستبازی ہوں! مجھےکسی کاخوف نہیں ہےاور کوئی بھی چیز میرے راستےمیں رکاوٹ نہیں بن سکتی! ہیلیلویاہ۔**

**مزید مطالعہ**

رُومِیوں 8: 31-33



**تِیمُتھِیُس 1: 7 - 2**

**کیونکہ خُدا نے ہمیں دہشت کی رُوح نہیں بلکہ قُدرت اور مُحبّت اور تربِیّت کی رُوح دی ہے۔**

یہ شین کی سالگرہ تھی اورجب وہ تمام تحائف کو دیکھ رہا تھا تو ایک تحفےپر اسکی نظر پڑی۔ اسےانتہائی رنگین اور چمکدار ربن سےخوبصورتی سے لپیٹا گیا تھا۔ شین نے، جوش و خروش سےبھرے ہوئے، تحفے کو کھولا۔ اسےدھچکا لگا اندر ایک سانپ کا بچہ تھا اور وہ خوف سے چیخ اٹھا۔ ایک دوست نےکہا تھا کہ چونکہ اسے پالتو جانور پسند ہیں اس لیے وہ سانپ پسند کرے گا۔

بچو، ہمارا صحیفہ ہمیں بتاتا ہےکہ خوف دیا جاتا ہے۔ یہ آپکو گپ شپ میں لپٹا ہوا اور منفی الفاظ سننےسےآتا ہے۔ جو لوگ گپ شپ کرنا اور منفی الفاظ بولنا پسند کرتےہیں وہ بعض اوقات مخلص نظر آتےہیں لیکن کچھ عرصےبعد جب آپ اکیلے ہوتےہیں تو آپ خود کو خوف سےبھرا ہوا پاتےہیں۔ دھیان رکھیں، ہوشیار رہیں خوف سےانکارکریں۔

## نبوتی اقرار

**میں خوف کے تحفے سےانکار کرتا ہوں اور میں مسلسل خوشخبری کیساتھ خود کو بھروں گا۔ میں ان لوگوں سےمثبت الفاظ بولتا ہوں جو میری زندگی میں میری حوصلہ افزائی بھی کریں گے۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

یسعیاہ 41: 10



**کُرنتھِیوں 14: 4 – 1**

**جو بیگانہ زُبان میں باتیں کرتا ہے وہ اپنی ترقّی کرتا ہے اور جو نُبوّت کرتا ہے وہ کِلیسیا کی ترقّی کرتا ہے۔**

بچو، خدا جانتا تھاکہ ایسےوقت آئیں گےجب آپکو مایوسی، حوصلہ شکنی، خوف محسوس ہوگا۔ اسلیےاس نےآپکوایک خفیہ ہتھیارکےطورپربیگانہ زبانوں میں بولنےکی صلاحیت فراہم کی۔

ہماری آج کی آیت کا اصل مطلب یہ ہےکہ جب ہم بیگانہ زبانوں میں بات کرتےہیں توخودکی حوصلہ افزائی یا ترقی کرتےہیں۔ سوچیں؛ جب آپ بیگانہ زبانوں میں بات کرتےہیں تو وقت مکمل رک جاتا ہےاورآپ اپنےآبائی شہر صیون سےطاقت کیساتھ خودکی حوصلہ افزائی کرتےہیں۔ فرشتوں کوآپکی ضرورت سےآگاہ کردیاجاتاہےاور وہ فَوراً آپکو گھیرلیتےہیں۔ جب آپ بولنا بند کرتےہیں، اچانک خوف ختم ہو جاتا ہےاورآپ زیادہ دلیرہوجاتےہیں۔ طاقتور ہتھیارہےنا؟

اس میں کوئی تعجب کی بات نہیں کہ پولوس رسول ہمیشہ ہی اتنا دلیر تھا، وہ سب سےزیادہ بیگانہ زبانوں میں بات کرتا تھا۔ جب آپکو ضرورت ہو یا اداس ہوں تو بیگانہ زبانوں میں بات کریں !

## نبوتی اقرار

**میں صیون کا شہری ہوں اور میری مدد خداوند کی طرف سےآتی ہے۔ خداوند میری طاقت اور میری پناہ ہے۔ وہ میرا موجودہ مددگار ہے! آمین۔**

**مزید مطالعہ**

عِبرانیوں 12: 22، 1 – کُرِنتھِیوں 14: 18



**سلاطِین 6: 16 – 2**

**اُس نے جواب دِیا خَوف نہ کر کیونکہ ہمارے ساتھ والے اُن کے ساتھ والوں سے زِیادہ ہیں۔**

ہم کبھی کبھی محسوس کرسکتےہیں کہ کوئی بھی ہمیں نہیں سمجھتا، ہماری مدد نہیں کرتا یا ہم اپنےمشکل ترین وقت میں بلکل اکیلا محسوس کرتےہیں۔ خوشخبری یہ ہے کہ یہ سچ نہیں ہے۔

آپ نےدیکھا، الیشع کا خادم اپنےاردگرد موجود دشمنوں سےگھبرا گیا تھا اوراسےیقین تھا کہ وہ اکیلےہیں اورانکی تعداد بہت زیادہ ہے۔ کوئی مدد نہیں آ رہی تھی۔ تاہم، الیشع نہیں ہلا۔ کیونکہ خادم دیکھ نہیں سکتا تھا تواسکا مطلب یہ نہیں تھاکہ فرشتوں کی گھوڑوں اور رتھوں کی فوج وہاں نہیں تھی۔ فرشتوں کی فوج نےدشمن کی فوج کو بلی کےبچوں جیسا بنا دیا !

بچوآپ الیشع سےبہتر ہیں اور اب جب آپ نئےسرے سےپیدا ہوئےہیں آپکےاردگرد فرشتوں کی اس سےبھی بڑی فوج ہے ۔ جب آپ اسکول جاتے، سوتے یا بہت سےلوگوں کےسامنےبات کرتےہیں تو انہیں اپنی روح کیساتھ دیکھیں۔

## نبوتی اقرار

**میری حفاظت اور دفاع آسمان کی طرف سےہورہی ہے۔ فرشتوں کی فوجوں کا خداوند میرا مضبوط مینار اور میرا دفاع ہے۔ میں کبھی اکیلا نہیں ہوتا۔**

**مزید مطالعہ**

عِبرانیوں 12: 22، 2 – سلاطِین 6: 17-8



**سموئیل 17: 37-36 – 1**

**تیرے خادِم نے شیر اور رِیچھ دونوں کو جان سے مارا۔ سو یہ نامختُون فِلستی اُن میں سے ایک کی مانِند ہو گا اِس لِئے کہ اُس نے زِندہ خُدا کی فَوجوں کی فضِیحت کی ہے۔ پِھر داؤُد نے کہا کہ خُداوند نے مُجھے شیر اور رِیچھ کے پنجہ سے بچایا۔ وُہی مُجھ کو اِس فِلستی کے ہاتھ سے بچائے گا۔ ساؤُل نے داؤُد سے کہا جا خُداوند تیرے ساتھ رہے۔**

کس چیزنےداؤد کو دیو پرحملہ کرنےکی یہ دلیری دی؟

ہماری آیت میں اس نےبادشاہ کو بتایا کہ وہ لڑنےکےلیےپراعتماد کیوں تھا۔ اس نےبتایا کہ کیسےخدا نےپہلےاسےشیر اور ریچھ سےبچایا تھا لہذا داؤد اس بات سےاچھی طرح واقف تھاکہ خداکیاکرنےکےقابل ہے۔ اس نےخود کو خداکا بچہ ہونےاور جولیت، جوخدا کو نہیں جانتا تھا، کےدرمیان فرق کےبارے میں بھی بتایا۔

بچو، جب ہم مسلسل پہچانتےرہتے ہیں کہ خدا کون ہے، خدا کےہرکام کا شکرادا کرتے، اورجانتےہیں کہ ہم مسیح میں کون ہیں ہم زبردست کام کرتےہیں۔ داؤد کا راز آج ہی استعمال کریں۔

## نبوتی اقرار

**خداوند مسیح مکمل کاموں کےلیےآپ کا شکریہ، آپ کا شکریہ کہ میں آپ کی نظر میں بے قصور ہوں! آمین۔**

**مزید مطالعہ**

دانی ایل 11: 32



**کُرِنتھِیوں 5: 7 – 2**
**کیونکہ ہم اِیمان پر چلتے ہیں نہ کہ آنکھوں دیکھے پر۔**

ایک گینڈے کا وزن 3500 کلوگرام (95 ٹن) تک ہو سکتا ہے۔ وہ بہت بڑا ہے۔ تاہم، انکی بینائی انتہائی کم ہے اور وہ تقریباً نابینا ہیں۔ مجھے خوشی ہے کہ آپ نے پوچھا کہ وہ کیسے زندہ رہتے ہیں۔

گینڈا زیادہ تر اپنی سماعت پر انحصار کرتا ہے اور جب وہ اپنے دشمن کی ہلکی سی حرکت سنتا ہے تو وہ صحیح جگہ کی نشاندہی کرنے کے لیے کھڑا رہتا ہے۔ جیسے ہی یہ اسے ڈھونڈ لیتا ہے، مضبوط ارادے سے پاؤں زمین میں گھساتا ہے اور بغیر دیکھے آگے بڑھ کر دشمن کو پکڑ لیتا ہے۔

بچو، آپکو صرف خدا کا کلام سننے کی ضرورت ہے اور جب آپ ایسا کرتے ہیں، تو اسے اپنے پورے ایمان کیساتھ پکڑیں، چاہے آپ اسے اپنے جسمانی حواس سے محسوس نہ کر سکیں! آج ہی اپنی برکت کیساتھ اگے بڑھیں۔

## نبوتی اقرار

**میں اپنے جسمانی حواس پر انحصار نہیں کرتا ہوں۔ میں ہر روز ایمان کیساتھ چلتا اور جیتا ہوں۔ میں اپنے لیے تیار کی گئی ہر روحانی اور جسمانی نعمت کو پکڑتا ہوں! آمین۔**

**مزید مطالعہ**
لُوقا 18: 38-42



**اَعمال 4: 13**

**جب اُنہوں نے پطرؔس اور یُوحنّا کی دِلیری دیکھی اور معلُوم کِیا کہ یہ اَن پڑھ اور ناواقِف آدمی ہیں تو تعجُّب کِیا۔ پِھر اُنہیں پہچانا کہ یہ یِسُوعؔ کے ساتھ رہے ہیں۔**

آپ ان لوگوں کےجیسے بن جاتےہیں جن کیساتھ آپ اپنا زیادہ تر وقت گزارتےہیں۔ جب لوگ بیرون ملک مثلاً امریکہ سفر کرتے ہیں اور کچھ عرصے بعد واپس آتے ہیں تو آپ دیکھیں گےکہ ان کا لہجہ بدل جاتا ہے۔ آپ انکے بولنے کے طریقے سے بتا سکتے ہیں کہ انہوں نے امریکیوں کیساتھ وقت گزارا ہے۔

پطرس اور یوحنا نے خداوند یسوع کیساتھ وقت گزارا تھا اور لوگ انکی دلیری کی وجہ سے بتا سکتے تھے۔ خُداوند یسوع خُدا کا کلام ہے، لہٰذا آپ جتنا زیادہ وقت کلام میں گزاریں گے اتنا ہی زیادہ لوگ بتا سکتے ہیں کہ آپ اُس کیساتھ رہے ہیں۔ آج ان لوگوں کیساتھ گھومیں جو مثبت ہیں اور آپکی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔

## نبوتی اقرار

**میں جلال سے جلال کی طرف بڑھ رہا ہوں۔ میرے پاس وہی دلیری کا جذبہ ہے جو خداوند یسوع کے پاس ہے۔ میں یہ خوشخبری سنانے سے نہیں ڈروں گا! آمین۔**

**مزید مطالعہ**

سموئیل 10: 10 – 1



**کُرِنتھِیوں 15: 9 – 1**

**کیونکہ مَیں رسُولوں میں سب سے چھوٹا ہُوں بلکہ رسُول کہلانے کے لائِق نہیں اِس لِئے کہ مَیں نے خُدا کی کلِیسیا کو ستایا تھا۔**

آپکو یہ جان کر حیرت ہو سکتی ہےکہ پولس نئےسرے سےپیدا ہونےسےپہلےمسیحیوں کو دہشت زدہ کرتا تھا۔ اسےانہیں اس حد تک مارنےاور تشدد کرنےکےلیےبھیجا گیا کہ ملک میں رسولوں سمیت پوری مسیحی برادری اس سےخوفزدہ تھی۔

تاہم جب وہ مسیحی بنا تو خدا نے اسے اس قدر استعمال کیا کہ اس نے بائبل کی 13 کتابیں لکھیں اور یونان اور ایشیا کے کچھ حصوں سمیت پوری قوموں کو مسیح میں تبدیل کر دیا۔ وہ خُداوند کےشاگردوں میں سےنہیں تھا لیکن اُس نے فضل سے اُن سےکہیں زیادہ حاصل کیا۔

جب آپکے پاس فضل ہو تو کبھی خود کو حقیر نہ سمجھیں۔ آپ وہی ہیں جسے خدا تلاش کر رہا ہے اور جب آپ ایمان لائیں گے تو آپ حیرت انگیز کام کریں گے۔

## نبوتی اقرار

**مجھے اس نسل کے لیے چنا گیا ہے اور مجھے اہل ہونے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ خدا مجھے اہل بناتا ہے۔ خدا مجھے اس نسل کو بدلنے کے لیے استعمال کرے گا !**

**مزید مطالعہ**

کُرِنتھِیوں 15: 10-9 – 1



**سلاطِین 3: 11 – 1**

**اور خُدا نے اُس سے کہا چُونکہ تُو نے یہ چِیز مانگی اور اپنے لِئے عُمر کی درازی کی درخواست نہ کی اور نہ اپنے لِئے دَولت کا سوال کِیا اور نہ اپنے دُشمنوں کی جان مانگی بلکہ اِنصاف پسندی کے لِئے تُو نے اپنے واسطے عقل مندی کی درخواست کی ہے۔**

بادشاہ سلیمان اپنےدور میں دنیا کا امیر ترین بادشاہ تھا اور دوسری قوموں کےبادشاہ سفر کرکےاسکی حکمت سننےکےلیے آتےتھے۔

آپکو یہ جان کرحیرت ہوگی کہ سلیمان اس طرح پیدا نہیں ہوا تھےاور اس نے یہ کامیابی محض ایک بےلوث دینےوالا بن کر حاصل کی۔ غور کریں، میں نے بےلوث کہا، صرف دینےوالا نہیں۔ خدا خوش ہوا کہ سلیمان نےجو وجہ دی وہ بادشاہی میں اچھی طرح سے حکومت کرنےکےلئےحکمت تھی۔ اسکی سوچ بادشاہی تھی نہ کہ مجھے، میرا اور میں کی سوچ۔

جب آپ دیتے ہیں تو وصول کرنےکےلیے مت دیں۔ دیں کیونکہ آپ خوشخبری کو عالمی سطح پر پھیلتے دیکھنا پسند کرتے ہیں۔

## نبوتی اقرار

**میری سوچ بادشاہی ہے اور میں دیتا ہوں کیونکہ مجھے دینا پسند ہے۔ میں خوش دلی سے دینے والا ہوں اور میرا دل میرے دینےمیں ہے۔**

**مزید مطالعہ**

سلاطِین 3: 12-11 – 1



**گِنتی 14: 8**

**اگر خُدا ہم سے راضی رہے تو وہ ہم کو اُس مُلک میں پُہنچائے گا اور وُہی مُلک جِس میں دُودھ اور شہد بہتا ہے ہم کو دے گا۔**

اگر آپ آج ہماری آیت کا باب پڑھیں تو آپکو معلوم ہوگا کہ موسیٰ نےجاسوسوں کےایک گروہ کو زمین کی جاسوسی کےلیے بھیجا تھا۔ جب جاسوس واپس آئےتو انہوں نے حوصلہ شکن رپورٹ دی کہ وہاں فوج کو شکست دینا ناممکن ہے کیونکہ وہ ان کے مقابلے میں ٹڈیوں کی طرح تھے۔ ساری امیدیں دم توڑ گئیں۔ تاہم، جاسوسوں میں سےایک کالب نامی کو ایمان تھا اور اس نے لوگوں کو خدا کی قدرت کی یاد دلائی۔ اسے یقین تھا کہ وہ خدا کے کلام کی بنیاد پر کامیاب ہوں گے لیکن لوگ پہلے ہی حوصلہ شکن تھے۔

میں آپکے بارے میں نہیں جانتا لیکن مجھے کالب جیسا دوست چاہیے۔ جب کسی کی حوصلہ شکنی ہوتی ہےتو ہمیشہ وہ شخص بنیں جو خوشخبری سنائےاور دوسروں کا اعتماد بڑھائے۔ اپنےاردگرد ایمان والے لوگوں کو رکھیں۔

## نبوتی اقرار

**میں ایک تحریری خط ہوں اور میں صرف خوشخبری بولتا ہوں! میں روح کا سفارت خانہ ہوں، دنیا کا نور ہوں۔ ہیلیلویاہ۔**

**مزید مطالعہ**

گِنتی 13: 32-17



**آعمال 6: 5**

**یہ بات ساری جماعت کو پسند آئی۔ پس اُنھوں نے سِتِفَنُس نام ایک شخص کو جو اِیمان اور رُوحُ القُدس سے بھرا ہُوا تھا اور فِلِپُّس اور پرُخُرس اور نِیکانور اور تِیموّن اور پرمناؔس کو اور نیکُلاؤؔس کو جو نومُرِید یہُودی انطاکی تھا چُن لِیا۔**

جب آپ کوئی ایسا شخص بننا چاہتےہیں جو اپنے خاندان، اسکول یا برادری میں تبدیلی لےکر آئے، تو کچھ نہ کچھ ایسا کرنا ہوگا جو آپکو مختلف بنائے۔

ہماری آیت میں سات میں سےایک شخص جسےکھانا پیش کرنےکےلیےچنا گیا تھا، مختلف تھا اور وہ سِتِفَنُس تھا۔ کھانا پیش کرنا ایک چھوٹا سا بورنگ کام لگتا ہےلیکن سِتِفَنُس کےلیےنہیں تھا۔ سِتِفَنُس اپنےایمان کی وجہ سےایسے بورنگ کام کو دلچسپ بنانےمیں کامیاب ہوا۔ آپ نےدیکھا، جب اس نے کھانا پیش کیا تو لوگوں نے معجزات اورعجائبات کا تجربہ کیا۔ ایک معجزہ حاصل کرنےکا تصور کریں جیسے ویٹر آپکو کھانا دیتا ہے؟

بچو، آپ روح القدس اور اپنے ایمان کیساتھ چھوٹےسےچھوٹے فرائض کو بھی پرجوش بنا سکتے ہیں۔

## نبوتی اقرار

**میں روح القدس سے معمور ہوں اور نشانیوں اور عجائبات کی زندگی گزار رہا ہوں۔ مافوق الفطرت طرز زندگی میرا ہے! جلال۔**

**مزید مطالعہ**

آعمال 6: 5-2، 8، 10



**یُوحنّا 21: 22-21**
**پطرؔس نے اُسے دیکھ کر یِسُوعؔ سے کہا اَے خُداوند! اِس کا کیا حال ہو گا؟ یِسُوعؔ نے اُس سے کہا اگر مَیں چاہُوں کہ یہ میرے آنے تک ٹھہرا رہے تو تُجھ کو کیا؟ تُو میرے پِیچھے ہو لے۔**

بعض اوقات آپ اپنی زندگی کےمقصد سےہٹ سکتےہیں۔ آپ خود کو دوسروں کیساتھ موازنہ کرتےہوئے یا اپنے بہن بھائیوں سے مقابلہ کرتےہوئےپاتےہیں۔ ہماری آیت میں، پطرس اس جال میں پھنس گیا جب وہ یوحنا کےکاروبار میں مداخلت کر رہا تھا۔ وہ اس بات پر رشک کرتا تھاکہ یوحنا خُداوند یسوع کےبہت قریب تھا اور اپنا موازنہ اُس سےکیے بغیر نہیں رہ سکتا تھا۔ مختصراً، خُداوند نےپطرس کو دو ٹوک جواب دیا کہ اُسےاپنے کام کاخیال رکھناچاہیےاور اپنےمقصد پر توجہ مرکوز رکھنی چاہیے؛ خداوند یسوع۔

کبھی بھی دوسروں کیساتھ موازنہ یا مقابلہ نہ کریں کیونکہ خدا نےآپکو ایک منفرد اور خاص تفویض کےلیےپیدا کیا ہےجس کےلیےآپکو چنا گیا ہے۔ آپ بہت پیارےاور پسندیدہ ہیں۔

## نبوتی اقرار

**میں غیر معمولی اور شاندار طورپربنایا گیا ہوں، اس وقت کےلیے چنا گیا ہوں۔ خُداوند، میرے مقصد کو جاننےاور اسے پورا کرنےمیں میری مدد کریں یسوع کےنام میں۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**
یُوحنّا 21: 22-20



**یُوحنّا 20: 25**

**۔۔۔ اُس نے اُن سے کہا جب تک مَیں اُس کے ہاتھوں میں میخوں کے سُوراخ نہ دیکھ لُوں اور میخوں کے سُوراخوں میں اپنی اُنگلی نہ ڈال لُوں اور اپنا ہاتھ اُس کی پسلی میں نہ ڈال لُوں ہرگِز یقِین نہ کرُوں گا۔**

جب آپ ایمان کیساتھ چلتےہیں تو، یہ بتانےکےلیےاپنے 5 جسمانی حواس پر انحصار نہ کریں کہ آپ نےایمان حاصل کرلیا ہے۔ بہرحال، جب آپ نئےسرےسےپیدا ہوئےتھے، آپکو کیسےپتہ چلا کہ آپ واقعی نئےسرےسےپیدا ہوئےہیں؟ کوئی جسمانی ثبوت نہیں ہےمگر خداکےکلام کی یقین دہانی ہے۔ یہ ایمان ہے۔

ایمان کا استعمال کرتےوقت توما کی طرح نہ بنیں جسےیہ جاننےکےلیےدیکھنےاور محسوس کرنےکی ضرورت تھی کہ خداوند جی اٹھا ہے۔ کوئی تعجب کی بات نہیں کہ وہ 'شکی توما' کےنام سےمشہور ہے۔ جسمانی حواس پربھروسہ کرنا شک پیدا کرےگا۔ خدا کےکلام پر بھروسہ کریں یہ جانتےہوئےکہ خدا جھوٹ نہیں بولتا۔ اُس کا کلام سچا ہے اور جب آپ ایمان لائیں گے تو یہ پورا ہو گا۔

## نبوتی اقرار

**آج سے، میں خدا کے کلام پر قائم ہوں، یہ سچ ہے اور یہ میری حقیقت ہے۔ میں نظر سےنہیں ایمان سے چلتا ہوں۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

یُوحنّا 20: 25-24



**آعمال 16: 25**

**آدھی رات کے قرِیب پَولُس اور سِیلاؔس دُعا کر رہے اور خُدا کی حمد کے گِیت گا رہے تھے اور قَیدی سُن رہے تھے۔**

بچو آپکی خوشی کہاں ہے؟ انکی خوفناک صورتحال، بند ہونے اور زنجیروں میں جکڑے جانےکے باوجود ، پولس اور سیلاس غم میں ڈوبنےکےبجائے خداوند کی تعریف کر رہےتھے۔ آپ خوشی سےدیکھتےہیں، ایسا لگتا ہے جیسےکوئی امید نہیں ہے لیکن آپ حالات سےاتفاق کرنے اور گھبرانے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتے۔

ایک حوصلہ شکن شخص اور جیتنے والے میں فرق مشکل وقت میں ان کی خوشی ہے۔ خوشی کا رویہ آپکو زندگی میں اوپر رکھے گا۔ پولس اور سیلاس کے پاس یہی تھا۔ ان کی خوشی اس بات پر مبنی تھی کہ خدا قادر مطلق انہیں جانتا ہے اور انکے ساتھ ہے۔

خُداوند کی خوشی حاصل کر کے چیلنجوں کو مختلف طریقےسے دیکھیں۔ خوشی سے مسئلہ حل کریں !

## نبوتی اقرار

**خُداوند کی خوشی میری طاقت ہے۔ جیسا کہ خُداوند اپنے تخت پر بیٹھا ہے اور خوش ہے، اُسی طرح میرے لیے ہے۔ کوئی بھی چیز میری خوشی کو نہیں لے سکتی کیونکہ یہ میرے لیے خُدا کے پیار پر مبنی ہے ہیلیلویاہ !**

**مزید مطالعہ**

آعمال 16: 25-26



**مرقس 4: 38**

**اور وہ خُود پِیچھے کی طرف گدّی پر سو رہا تھا۔ پس اُنہوں نے اُسے جگا کر کہا اَے اُستاد کیا تُجھے فِکر نہیں کہ ہم ہلاک ہُوئے جاتے ہیں؟**

خُداوند یسوع مجھےہر وقت حیران کرتا ہے۔ دیکھیں، میں جانتا ہوں کہ آپ میں سےکچھ طوفان کےدوران بجلی یا گرج چمک کے وقت ماں یا باپ کےپاس بھاگتےہیں۔ میں نام نہیں لوں گا۔ اگرچہ خداوند یسوع کو دیکھیں۔ وہ اس پرتشدد طوفان کے دوران ایک بچےسےبھی اچھا سو رہا تھا جبکہ باقی سب خوف کےمارے بے چین تھے۔ کوئی طوفان خُداوند کو پریشان نہیں کر سکتا تھا کیونکہ اُس کےپاس مافوق الفطرت امن تھا۔ وہ امن جو طوفان کےدوران سوتا ہے !

جب آپ نےخداوند یسوع کو قبول کیا تو آپکو بھی یہ امن ملا۔ آج رات، ایک بچےسےاچھا سوئیں کہ خدا کو آپکی تمام پریشانیوں کا خیال ہے۔ میں اب آپ پر امن بولتا ہوں اور آپکی زندگی کی ہر پریشانی اور طوفان خاموش ہوجائے !

## نبوتی اقرار

**خدا کا امن جو سمجھ سےباہر ہےمجھ میں ہے۔ اس سےکوئی فرق نہیں پڑتا ہے کہ مسیح میں جو بھی مشکلات آئیں، میرےپاس امن ہے۔**

**مزید مطالعہ**

فِلِپّیوں 4: 7-6، یُوحنّا 14: 27



**عِبرانیوں 12: 2**
**اور اِیمان کے بانی اور کامِل کرنے والے یِسُوع کو تکتے رہیں۔۔۔**

ٹومی اور اسکا خاندان ایک پارٹی کر رہا تھا. یہ ایک روایت تھی جسے وہ ساری زندگی سےجانتا تھا۔ خاندان اور دوست مل کر سال کی کامیابیوں کی بات کرنے، جشن منانےاور لذیذ کھانے سےلطف اندوز ہونے کےلیے آتے۔ ٹومی بہت سی چیزوں کےبارے میں سوچ رہا تھا۔ 2023 بالکل ویسا نہیں گزرا جیسا اس نےسوچا تھا اور وہ فی الحال کسی بھی چیز کاجشن منانا نہیں چاہتا تھا۔

آج کےصحیفے میں، ہمیں صرف یسوع کو دیکھنےکےلیے کہا گیا ہے کیونکہ وہی ہمارے ایمان کا بانی اور کامل کرنیوالا ہے۔ دوسرے لفظوں میں، اس نےآپکی کہانی شروع کی اور مکمل بھی کریگا۔

آج، جیسا کہ ہم سال کےآخری مہینے میں داخل ہو چکےہیں، صرف یسوع کو دیکھیں۔ کیا ہوا اور کیا نہیں ہوا اس سے پریشان نہ ہوں کیونکہ یسوع آپکا ایمان کامل کرنیوالا ہے !

## نبوتی اقرار

**یسوع میرے ایمان کا مصنف اور کامل کرنیوالا ہے۔ اس نے میری زندگی کی کہانی شروع کی اور وہ اسے مکمل بھی کرے گا! یہ اب بھی زمین پر میرا جنت کا سال ہے !**

**مزید مطالعہ**

عِبرانیوں 12: 2



**فِلِپّیوں 1: 6**

**اور مُجھے اِس بات کا بھروسا ہے کہ جِس نے تُم میں نیک کام شرُوع کِیا ہے وہ اُسے یِسُوع مسِیح کے دِن تک پُورا کر دے گا۔**

کیرا ان تصویروں کو دیکھ رہی تھی جو اسکےوالدین نےبرسوں سےجمع کی تھیں۔ وہ اپنی 9 ویں سالگرہ منا رہی تھی اور وہ یہ دیکھ کربہت پرجوش تھی کہ جب وہ پیدا ہوئی تھی تب سےاب تک وہ کیسےبدل گئی تھی۔ لمبے بال، تیکھے نین نقش لیکن وہ پھربھی بتا سکتی تھی کہ یہ وہ تھی۔

بچو، خدا نےزمین پر اس جنت کےسال، 2023 کےآغاز میں آپ میں ایک اچھاکام شروع کیا تھا۔ اس نےاس کام کو جاری رکھا ہےاور یسوع مسیح کی دوبارہ آمد تک جاری رکھےگا۔ یہ کبھی مت بھولیں کہ خدا وفادار ہے۔ وہ آپکو سرمایہ کاری کے طورپر دیکھتا ہےاور وہ ہمیشہ اپنےکلام کیساتھ وفادار رہےگا۔

آج یہ جان کرخوشی منائیں کہ خُدا نےآپکےساتھ ابھی تک کام ختم نہیں کیا ہےکیونکہ آپ اُس کےفضل کی ایک ٹرافی ہیں !

## نبوتی اقرار

**مجھےیقین ہےکہ خدا اس کام کو مکمل کرنے کےلئے وفادار ہےجو اس نےمجھ میں شروع کیا ہےاور میں بہت شکرگزار ہوں! آمین۔**

**مزید مطالعہ**

فِلِپّیوں 2: 13



**تِیمُتھِیُس 2: 13 – 2**

**اگر ہم بے وفا ہو جائیں گے تَو بھی وہ وفادار رہے گا کیونکہ وہ آپ اپنا اِنکار نہیں کر سکتا۔**

کیا آپ نےکبھی لکڑی کے بلاک یا لکڑی کےچمچےکی شکل بدلنےکی کوشش کی ہے؟ اگر آپ پلےڈو کی شکل بدلنے کی کوشش کرتے ہیں، تو یہ بہت آسان ہوگا کیونکہ پلےڈو لچکدار ہے۔ تاہم، ایک لکڑی کی چیز تقریباً ناممکن ہے کیونکہ اسکا بنیادی مواد سخت اور دوبارہ تشکیل دینا مشکل ہے۔

خدا وفادار ہے! دوسرے لفظوں میں، وہ اس پر قائم رہتا ہے جو اس نےکہا چاہے کچھ بھی ہو! اسے تبدیل نہیں کیا جا سکتا چاہے آپ بدلیں یا اس کے وفادار نہ ہوں۔ خُدا ایک جیسا ہی رہتا ہے، کل، آج، اور ہمیشہ کے لیے اس لیے آپ اپنی زندگی کے لیے اُس پر بھروسہ کر سکتےہیں۔

بچو، خدا کو اپنے اصولوں کے مطابق سچا ہونا چاہیے، لہٰذا آج اس کی فطرت پر غور کریں اور ہر چیز کے لیے اس پر بھروسہ کریں۔

## نبوتی اقرار

**خدا تب بھی وفادار ہے جب میں نہیں ہوں۔ وہ کل، آج اور ابد تک ایک جیسا ہی رہتا ہے۔ ہیلیلویاہ !**

**مزید مطالعہ**

عِبرانیوں 13: 8



**یُوحنّا 17: 3**

**اور ہمیشہ کی زِندگی یہ ہے کہ وہ تُجھ خُدایِ واحِد اور برحق کو اور یِسُوعؔ مسِیح کو جِسے تُو نے بھیجا ہے جانیں۔**

بچو خوشخبری۔ اس ہفتے ہم خداوند یسوع مسیح کیساتھ رشتہ بنانےکےطریقےپر غورکریں گے۔ جب آپ مسیح کی زندگی قبول کرتے ہیں، تو آپ ایک نئی مخلوق بن جاتے ہیں۔ تمام چیزیں ختم ہو چکی ہیں اور تمام چیزیں نئی ہو گئی ہیں۔ کائنوس یونانی زبان میں استعمال ہونے والا لفظ ہے۔ کیا آپ نے خود سے پوچھا "اب کیا؟"

اب جبکہ آپ مسیحی ہیں، آگے کیا ہوگا؟ اسی پر ہم اس ہفتے بات کریں گے کیونکہ یہ خدا کی خواہش ہےکہ آپ اس کیساتھ رشتہ رکھیں۔ سوچیں کہ ہر صبح اٹھیں اور اپنی اماں یا ابا سےبات نہ کریں۔ دن ختم ہوجائےاور آپ ایک لفظ کہے بغیر سونے چلے جائیں۔

جان لیں کہ خُدا چاہتا ہےکہ اب آپ اُسے جانیں کہ آپ اُس کےبچے ہیں۔ اس کیساتھ اپنے ایڈونچر کے لیے تیار ہو جائیں۔

## نبوتی اقرار

**ابدی زندگی خداوند اور خداوند یسوع مسیح کو جاننا ہے جسے اس نے بھیجا ہے۔ میں خدا کے ساتھ اپنے ایڈونچر کے لیے تیار ہوں۔ جلال !**

**مزید مطالعہ**

یُوحنّا 3: 16



**یُوحنّا 3: 3**

**یِسُوعؔ نے جواب میں اُس سے کہا مَیں تُجھ سے سچ کہتا ہُوں کہ جب تک کوئی نئے سِرے سے پَیدا نہ ہو وہ خُدا کی بادشاہی کو دیکھ نہیں سکتا۔**

موبائل فون کامقصدکیا ہے؟ سب سےسادہ فون کیساتھ آپ کہیں سےبھی کسی کوکہیں بھی فون کرسکتےہیں۔ دوسرے الفاظ میں، آپکوکسی کو فون کرنےکےلیےگھرپر ہونےکی ضرورت نہیں ہے۔ یہ ایک چلتاپھرتا فون ہے۔ یقیناً، ان دنوں موبائل فون آپکو ٹیلی فون کال کرنےکے قابل بنانےکےعلاوہ اوربھی بہت سےکام کرسکتاہے۔

خُداکایسوع مسیح، اُس کا اکلوتا بیٹا، بھیجنےکا کیا مقصد تھا؟ تاکہ جو لوگ مسیح کی زندگی پاتےہیں وہ نئےسرےسےیاعالم بالاسےپیدا ہوسکیں۔ خداکی بادشاہی تک رسائی حاصل کرسکیں اورخدائےاعلیٰ کےفرزندوں کیطرح زندگی گزارسکیں۔ ابھی اوربھی ہے۔ خدا بیٹےاوربیٹیاں رکھنا چاہتا تھا جن کیساتھ وہ اس سےبھی بہتر طریقےسےرشتہ بنا سکے، جب اس نے آدم اور حوا کیساتھ بات کی تھی۔

! خُدا کا فرزند ہونا ایک اعزاز کی بات ہے اور وہ آج آپکےساتھ دوستی کرنا چاہتا ہے

## نبوتی اقرار

**ہمارے خُداوند یسوع مسیح کو ایک مقصد کےلیے بھیجا گیا تھا۔ میں خدا کا بچہ ہوں ! اور میرا اس کیساتھ ذاتی رشتہ ہے۔ جلال**

**مزید مطالعہ**

یُوحنّا 3: 6-3



**یُوحنّا 10: 30**
**مَیں اور باپ ایک ہیں۔**

کیا آپ کسی ایسے شخص کے بارے میں بہت زیادہ بات کرتے ہیں جسے آپ واقعی پسند کرتے یا سراہتے ہیں؟ ہوسکتا ہے کہ وہ شخص آپکے والدین یا اچھا دوست ہو۔

خداوند یسوع ہر وقت باپ کے بارے میں بات کرتا تھا۔ وہ اکثر باپ کا حوالہ دیتا، خاص طور پر جب کوئی اسے بڑا کہتا اور اس کی تعریف کرنے کی کوشش کرتا۔ بچو، خداوند یسوع نے کہا کہ وہ اور باپ ایک ہیں۔ دوسرے لفظوں میں وہ کہہ رہا تھا کہ وہ اور باپ ہر لحاظ سے ایک ہیں۔

بچو، آپ خُداوند یسوع مسیح کے ساتھ اُس کے کلام اور اُس کی روح کے ذریعے ذاتی تعلق قائم کر سکتے ہیں۔ خُداوند کو گہرے طریقے سے جاننے سے کم کسی چیز پر سمجھوتہ نہ کریں۔ یاد رکھیں کہ ہم زندگی کے گہرے مرحلے میں ہیں، ہیلیلویاہ !

## نبوتی اقرار

**خُداوند تیرا شکر ہے کہ مجھے تجھ تک رسائی عطا فرمائی۔ آپ کیساتھ گہرا تعلق رکھنے کا موقع فراہم کرنے کے لیے آپ کا شکریہ۔ مجھے سکھائیں ! آمین۔**

**مزید مطالعہ**
یُوحنّا 10: 15



**یرمِیاہ 1: 5**

**اِس سے پیشتر کہ مَیں نے تُجھے بطن میں خلق کِیا۔ مَیں تُجھے جانتا تھا اور تیری وِلادت سے پہلے مَیں نے تُجھے مخصُوص کِیا اور قَوموں کے لِئے تُجھے نبی ٹھہرایا۔**

ساری کی ماں سکول کےدفتر میں داخل ہوئی، خودکو ہیڈ ٹیچرکی بات کےلیے تیار کر رہی تھی۔ اسکول میں کچھ ہوا تھا اور ساری کی ٹیچر نےاسکی ماں کو فون کیا تھاکہ وہ کسی واقعےمیں ملوث ہے۔

ساری کی ماں نےپرسکون رہنےکی کوشش کی، یہ سننےکا انتظارکر رہی تھی کہ کیا ہوا تھا۔ ہیڈ ٹیچر نےسخت لہجےمیں اسےواقعےکی تفصیلات بتاتےہوئےکہا کہ ساری بہت مشکل میں پڑ سکتی ہے۔ اسکی ماں نےاسےروکا، اورآہستہ سےبولی، ”میں اپنی بیٹی کو جانتی ہوں۔“

بچو، خدا آپکو جانتا ہے! یہ ایک سادہ سا بیان ہےاور پھربھی اتنا گہرا ہے۔ وہ آپکو آپکے والدین، خاندان، آپکے اپنےآپ سے بہتر جانتا ہے۔

اپنےخداوند اور نجات دہندہ کیساتھ اس کےکلام کو پڑھ کر اور دعا کےذریعےاس سےبات کرکےاپنےتعلق کو بڑھانےکے لیےآج ایک لمحہ نکالیں۔

## نبوتی اقرار

**خدا مجھے جانتا ہے اور یہ مجھے بہت خوشی دیتا ہے۔ مجھےپیار کیا جاتا ہے، میری قدر کی جاتی ہےاور مجھے قبول کیا جاتا ہے! آمین۔**

**مزید مطالعہ**

اِفِسیوں 1: 6-4



**اِفسیوں 3: 16-19**

**۔۔۔ کہ وہ اپنے جلال کی دَولت کے مُوافِق تُمہیں یہ عِنایت کرے۔۔۔ مسِیح کی اُس مُحبّت کو جان سکو جو جاننے سے باہر ہے۔۔۔**

بچو، کیا آپ کبھی کسی چیز کے بارے میں پرجوش ہوتے ہیں؟ ایک نیا کھلونا؟ نئے جوتے؟ ہم سب پرجوش ہوتے ہیں لیکن پھر تھوڑی دیر بعد وہ جوش ختم ہو جاتا ہے۔

پچھلے سال، ہم زندگی کے گہرے مرحلے میں بطور منسٹری داخل ہوئے اور پھر بھی، کچھ لوگ اسے بھول گئے ہیں۔ آج کے صحیفے کی آیت میں، پولس رسول دعا کر رہا ہے کہ ہم مسیح کی محبت کو جان سکیں (جو کہ انسانی سمجھ سے باہر ہے)۔ دوسرے لفظوں میں، وہ کہہ رہا ہےکہ آپکے مسیحی سفر میں اس سے کہیں زیادہ ہے جو آپ اس وقت تجربہ کر رہے ہیں۔

گہرائی میں چلیں اور ہر اس چیز کا تجربہ کریں جو خداوند آپکے لیے رکھتا ہے۔ یہ بہت گہرائی میں جانے کا وقت ہے !

## نبوتی اقرار

**زندگی کا گہرا مرحلہ کوئی وقتی بیان نہیں ہے، یہ میری حقیقت ہے۔ میں یسوع کے نام میں خُداوند کے ساتھ گہرائی میں جا رہا ہوں! ہیلیلویاہ !**

**مزید مطالعہ**

اِفسیوں 3: 14-21



**زبُور 91: 1**

**جو حق تعالیٰ کے پردہ میں رہتا ہے۔ وہ قادرِ مُطلق کے سایہ میں سکُونت کرے گا۔**

اگر آپ تیز ریت کے طوفان کے ذریعے سفر کر رہے تھے، تو آپ اپنی نقل و حمل کے ذرائع کے لیے کسے ترجیح دیں گے؟ بلڈوزر یا سائیکل؟ مجھے یقین ہے کہ آپ میں سے اکثر بلڈوزر کہیں گے۔ کیوں؟ کیونکہ اگر آپ بلڈوزر میں ہیں تو ہوا اور ریت کے ذرے آپ کو چھو نہیں سکتے۔ آپ محفوظ ہیں! تاہم اگر آپ سائیکل پر ہیں تو یہ ایک بہت ہی مختلف کہانی ہوگی۔

بچو، پردہ خداوند یسوع مسیح ہے۔ یہ کہیں کا پہاڑ یا چھپی ہوئی غار نہیں، پردہ خداوند یسوع مسیح ہے۔ خدا کے بچے یہاں ان کے مستقل پتہ کے طور پر رہتے ہیں۔ جلال !

آج، حمد، دعا اور اُس کے کلام کے ذریعے، اُسے مزید جان کر اُس میں اپنا گھر بنائیں !

## نبوتی اقرار

**میرا مستقل پتہ خداوند یسوع مسیح ہے۔ وہ میرا پردہ ہے۔ میرا اس میں گھر ہے اور اس کا مجھ میں گھر ہے۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

زبُور 91: 2-1



**فِلِپّیوں 3: 8**

**بلکہ مَیں اپنے خُداوند مسِیح یِسُوعؔ کی پہچان کی بڑی خُوبی کے سبب سے سب چِیزوں کو نُقصان سمجھتا ہُوں۔۔۔**

جب آپ کوڑا کرکٹ کو کوڑے دان میں پھینکتے ہیں، تو آپ ایسا کرتے ہیں کیونکہ آپکو اس کی ضرورت نہیں ہے۔ آپکو لگتا ہے کہ آپ جو پھینک رہے ہیں وہ غیر اہم ہے، اس لیے یہ رکھنے کے قابل نہیں ہے۔ پولس رسول نے کہا کہ جب آپ مسیح یسوع کو پہچاننے کا موازنہ تمام چیزوں (شہرت، پیسہ، مقبولیت) سے کرتے ہیں تو تمام چیزیں غیر اہم ہیں۔

آپکی زندگی میں ایسا کیا ہے جسے آپ بہت پیار سے رکھتے ہیں؟ دوست، خاص کھلونے؟ بائبل کہتی ہے کہ جب آپ اِس کا موازنہ خُداوند یسوع مسیح کو جاننے سے کرتے ہیں تو اِن سب چیزوں کی کوئی قیمت نہیں ہے۔

بچو، خداوند کو پہچاننا دنیا کی سب سے خوبصورت چیز ہے۔ آج ہی اُسے اُس کے کلام، دعا اور تعریف میں جانیں !

## نبوتی اقرار

**اُس، خُداوند، میرے نجات دہندہ یسوع مسیح کو پہچاننے کے مقابلے میں کوئی چیز نہیں۔ میں آج اس کے ساتھ نئے سرے سے تعلق قائم کر رہا ہوں۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

فِلِپّیوں 3: 11-8



۲ کُرِنتھِیوں 5: 17

اِس لِئے اگر کوئی مسِیح میں ہے تو وہ نیا مخلُوق ہے۔ پُرانی چِیزیں جاتی رہِیں۔ دیکھو وہ نئی ہو گئِیں۔

آپکے خاندان میں آخری بارکوئی بچہ کب پیدا ہوا؟ شاید یہ آپکا کزن تھا یا آپکا بھائی یا بہن؟ پوری دنیا میں ہر روز بچےپیدا ہو رہے ہیں۔ اس میں فرق نہیں ہےجب ایک شخص مسیح کی زندگی حاصل کرتا ہے۔ جب ایسا ہوتا ہےتو وہ شخص ایک روحانی بچہ ہوتا ہے۔

اب خود سےیہ سوال پوچھیں: اگر آپکا بچہ بھائی یا بہن ایک، دو، تین، چار سال بعد بھی بچہ ہی رہےتو کیا آپ یہ سوچنا شروع کر دیں گےکہ کچھ غلط ہے؟ بلاشبہ، جیسےفطرت میں ہے، ویسےروحانی میں ہے. ایک 10 سالہ بچےپر تشویش ہوگی جو 9 ماہ کےبچے کی طرح فرش پر رینگ رہا ہے۔

بچو، اگرچہ ہم سب نےاپنے روحانی سفر کا آغازمسیح میں بچوں کےطورپرکیا، لیکن یہ ضروری ہےکہ مسیح میں بڑھنے کی خواہش ہو۔ اس ہفتےہم اسی کو سمجھیں گے۔

## نبوتی اقرار

میں شکر گزار ہوں کہ میں خدا کا بچہ ہوں لیکن میں ہمیشہ کےلیے روحانی بچہ بننےسےانکار کرتا ہوں۔ میں مسیح میں بڑھ رہا ہوں۔ آمین۔

**مزید مطالعہ**

یُوحنّا 3: 3-6

**پطرؔس 2: 2 - 1**

**نَوزاد بچّوں کی مانِند خالِص رُوحانی دُودھ کے مُشتاق رہو تاکہ اُس کے ذرِیعہ سے نجات حاصِل کرنے کے لِئے بڑھتے جاؤ۔**



پیدائش سے ہی نوزائیدہ بچوں میں ایک چیز مشترک ہے: انکی واحد خوراک دودھ ہے۔ یہ بوتل کا دودھ یا ماں کا دودھ ہو سکتا ہے، لیکن یہ صرف دودھ ہے جسے انکے چھوٹے جسم سنبھال سکتے ہیں۔ یہاں تک کہ جانوروں کی دنیا میں ممالیہ بھی اپنے بچوں کو ماں کےدودھ کی خوراک دیتےہیں۔ کیا خدا حیرت انگیز نہیں ہے !

آج ہمارے صحیفے میں، ہمیں بتایا گیا ہےکہ جس طرح نوزائیدہ بچے دودھ چاہتےہیں، اسی طرح ایک شخص جس نے مسیح کو حاصل کیا ہےاسے بھی کلام کا دودھ چاہیے۔ دوسرے لفظوں میں، خالص اور سادہ تعلیم، جو آپکی نجات میں پختگی یا بڑھنےکا سبب بنتی ہے۔

بچو، خود سےپوچھیں، ”کیا میں خدا کےکلام کی خواہش کرتا ہوں؟“ اگر نہیں، تو خُداوند سے مانگیں کہ وہ آپکو اُس کے کلام کی خواہش دے۔

## نبوتی اقرار

**یہ میری ترقی کی خواہش ہے اور میں خُدا کے کلام سے اپنی نجات میں بڑھ رہا ہوں۔ مالک تیرا شکر ہے. ہیلیلویاہ۔**

**مزید مطالعہ**

پطرؔس 2: 3-1 - 1



**یعقُوب 1: 22**
**لیکن کلام پر عمل کرنے والے بنو نہ محض سُننے والے جو اپنے آپ کو دھوکا دیتے ہیں۔**

بچو کل ہم اس پر بات کر رہےتھےکہ ہمیں اپنی نجات میں بڑھنےکےلیےکیا خواہش کرنی چاہیے: کلام کا دودھ۔ یہ خداکے بچےکےطورپر ہماری روحانی خوراک کا پہلا مرحلہ ہے۔ کلام کا دودھ مسیح کی بنیادی تعلیمات کی نمائندگی کرتا ہے: راستبازی، توبہ، بپتسمہ، مردوں کے جی اٹھنےکو سمجھنا (عبرانیوں 6: 2)۔

ہماری روحانی خوراک کے اس پہلےمرحلےکا ایک اور پہلو بھی ہے: کلام کا عمل کرنےوالا بننا۔ اگر آپکو بتایاجائےکہ آپکےلیے فریزر میں آئس کریم موجود ہے، تو اگر آپ اسےنکالنے کےلیے فریزر میں نہیں جائیں گےتو کیا آپ اس سے لطف اندوز ہوسکتےہیں؟ ہرگز نہیں! اسے حاصل کرنے کےلیےآپکو جسمانی طور پر فریزر تک جانا ہوگا۔ خدا کےکلام کے ساتھ بھی ایسا ہی ہے۔ مسیحیت عملی ہے۔

آج کلام پرعمل کرنےوالےبنیں۔ وہی کریں جو آپ خداکےکلام سےسنتےہیں اور اپنی زندگی کو ڈرامائی طورپربدلتےہوئے دیکھیں !

## نبوتی اقرار

**میں خدا کے کلام پر عمل کرنے والا ہوں۔ میں اس کا کلام سنتا ہوں اور اس کے فضل سے اس پر عمل کرنے کو تیار ہوں۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**
یعقُوب 1: 22-25



**یہُوداہ 1: 20**

**مگر تُم اَے پِیارو! اپنے پاکترِین اِیمان میں اپنی ترقّی کر کے اور رُوحُ القُدس میں دُعا کر کے۔**

فلک بوس عمارت کی تعریف ایک بہت ہی اونچی عمارت کےطورپر کی جاتی ہے، عام طورپرکم ازکم 100 میٹر اونچی ہوتی ہے۔ اس میں متعدد منزلیں ہوتی ہیں اوربہت سےلوگ وہاں رہ سکتےیاکام کرسکتےہیں۔ مجھےیاد ہےجب میں نےاسکی تعلیم دی تھی کہ جب آپ روح القدس (بیگانہ زبانوں) میں دعاکرتےہیں توکیاہوتاہے۔

بچو، خداکاہربچہ بیگانہ زبانوں میں دعا کرسکتاہے، یہ باپ کیطرف سےایک تحفہ ہےجس کابہت فائدہ ہے۔ جیسےایک فلک بوس عمارت بہت اونچی عمارت ہوتی ہے، جب آپ بیگانہ زبان میں دعاکرتےہیں، آپ خودکو روحانی طورپرایک عمارت (بہت اونچی عمارت) کیطرح تعمیرکر رہےہوتےہیں۔ آپ ایک کمرے کےطورپرشروع کرسکتےہیں، پھر آپ اس پرتعمیرکرتےہیں، پھرآپ کچھ اورتعمیرکرتےہیں اورجب بھی آپ ایساکرتےہیں، آپ روح میں ایک فلک بوس عمارت بن رہےہیں، خداکوجلال!

یہ آپکی نجات میں بڑھنےکا ایک اورطریقہ ہے۔ روح القدس میں دعاکرنےکےلیےہر روزچند منٹ نکالیں اورخودکی تعمیر کرناشروع کریں!

## نبوتی اقرار

**روح القدس میں دعا کرنا روحانی ورزش کیطرح ہے۔ میں خود کی تعمیر کررہا ہوں اورمیں اپنی نجات میں بڑھ رہاہوں، ہیلیلویاہ!**

**مزید مطالعہ**

کُرِنتھِیوں 14: 4 – 1



GoodNews DAILY



**رُومِیوں 12: 2**

**اور اِس جہان کے ہم شکل نہ بنو بلکہ عقل نئی ہو جانے سے اپنی صُورت بدلتے جاؤ تاکہ خُدا کی نیک اور پسندِیدہ اور کامِل مرضی تجربہ سے معلُوم کرتے رہو۔**

کیا آپ نےکبھی ٹی وی پر وہ پروگرام دیکھےہیں جن میں دنیا بھرکےمضبوط آدمی "سٹرونگیسٹ مین" کےخطاب کےلیے ایک دوسرے سےمقابلہ کرتےہیں؟ وہ مختلف تقریبات میں شرکت کرتےہیں جہاں وہ مختلف کاموں کو انجام دے کر یہ دکھاتےہیں کہ وہ کتنےمضبوط ہیں۔ ان آدمیوں نےبرسوں سےتربیت حاصل کی ہوتی ہے، باقاعدگی سےورزش کرکے، وزن اٹھا کر، اور صحت مند غذائیں کھاکر اپنی طاقت اورعضلات کو تیارکیاہوتاہے۔

بچو، خداکاکلام جم جانے جیسا ہےاور یہ خدا کےبچے کےلیےبہترین خوراک بھی فراہم کرتاہے۔ کلام کوباقاعدگی سے پڑھنےاور روح القدس میں دعا کرنےسے، آپ جلد ہی روح میں مضبوط تر ہو جائیں گے، روحانی عضلات کی تعمیر کریں گے اور اپنی نجات میں بڑھیں گے۔

خدا کےکلام کو اپنا طرز زندگی بناکر اپنی روحانی ترقی کےاگلےمرحلےمیں داخل ہونےکا فیصلہ کریں !

## نبوتی اقرار

**میں روزانہ کلام کےجم میں جاتا ہوں۔ میں روحانی عضلات بنا رہا ہوں اور میں روح میں روزانہ مضبوط تر ہورہا ہوں، یسوع کےنام میں! آمین۔**

**مزید مطالعہ**

رُومِیوں 12: 1-2



**عِبرانیوں 5: 13**

**کیونکہ دُودھ پِیتے ہُوئے کو راست بازی کے کلام کا تجربہ نہیں ہوتا اِس لِئے کہ وہ بچّہ ہے۔**

اگر آپ 13 سالہ بچےکو دودھ پیتے ہوئےدیکھیں تو آپ کیا کہیں گے؟ آپکو معلوم ہوگا کہ کچھ گڑبڑ ضرور ہے۔

خدا کے بچے کےلیے بھی ایسا ہی ہے۔ کلام کےخالص دودھ، اسکی سادہ تعلیمات کو سمجھنے کیساتھ شروع کرنا ضروری ہے لیکن آپکو وہاں رکنا نہیں چاہئے۔ پہلی تعلیمات میں سےایک جو آپکو سمجھنی چاہیے وہ ہے راست بازی کا کلام (قائم رہنا اور خدا کے سامنے راست ہونا)۔ دوسرے لفظوں میں، یہ سمجھنا کہ اب آپ مسیح میں کون ہیں کہ آپ اُس میں ایک نئی مخلوق ہیں۔ آپکی نئی شناخت کیا ہے؟

میں نے ”گریس ڈریون لائف“ کے نام سےایک کتاب لکھی ہے جو اس موضوع کی گہرائی میں جاتی ہےاور میں آپکواسے اپنے والدین کے ساتھ پڑھنے کی ترغیب دیتا ہوں۔ جب آپ ایسا کرتےہیں، آپ ایک مضبوط بنیاد رکھ رہےہیں جس پر آپ تعمیر کر سکتےہیں۔

## نبوتی اقرار

**راست بازی کا کلام میری بنیاد کا ایک حصہ ہے اور میں اس میں مہارت حاصل کرنے کا طریقہ سیکھ رہا ہوں۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

رُومِیوں 5: 17



**عِبرانیوں 5: 14**

**اور سخت غِذا پُوری عُمر والوں کے لِئے ہوتی ہے جِن کے حواس کام کرتے کرتے نیک و بد میں اِمتِیاز کرنے کے لِئے تیز ہو گئے ہیں۔**

آپ بڑے ہو کر کیا بننا پسند کریں گے؟ ایک کاروباری آدمی؟ ایک پیشہ ور کھلاڑی؟ ایک ڈاکٹر؟ یہ ایک ایسا سوال ہے جو آپ سے کبھی کبھار ملنے والے خاندان کے افراد یا رشتہ دار پوچھتے ہونگے۔

آج کے صحیفے میں، ہمیں بتایا گیا ہےکہ سخت غذا ان لوگوں کےلیے ہے جو بڑے ہو چکےہیں۔ یہ ظاہر کرتا ہےکہ بائبل میں مختلف قسم کے کھانے ہیں۔ کچھ کھانا روحانی بچوں کےلیے ہے اور کچھ کھانا روحانی طور پر بالغ لوگوں کےلیے ہے۔

روحانی بچہ رہنے پر اکتفا نہ کریں۔ خدا کےکلام کےلیے بھوک بڑھنے دیں۔ جیسے ایک بچہ ہلکی ٹھوس اور پھر ٹھوس غذا کی طرف بڑھتا ہے، دانتوں کی نشوونما کرتےہوئے اسے چبانے کےقابل ہو، خدا کے کلام میں بڑھیں اور اپنی نسل کے لیے ایک مثال بنیں !

## نبوتی اقرار

**میں روحانی بچہ رہنے پر مطمئن نہیں ہوں۔ کلام کے لیے میری بھوک بڑھ رہی ہے اور میں اپنی نجات میں بڑا ہو رہا ہوں! آمین۔**

**مزید مطالعہ**

عِبرانیوں 5: 12-14



**یُوحنّا 4: 19**
**عَورت نے اُس سے کہا اَے خُداوند مُجھے معلُوم ہوتا ہے کہ تُو نبی ہے۔**

کرسمس کا موسم شروع ہو چکا ہے، اور ہو سکتا ہے کہ آپ اپنے خاندان اور پیاروں کے ساتھ خوشی منانے کے اس وقت کی تیاری کر رہے ہوں۔ اس ہفتے، ہم پرستش کے بارے میں بات کریں گے، جو اس خاص موسم کیساتھ بہت خوبصورتی سے جڑی ہوئی ہے۔

سامریہ کی ایک عورت تھی جس سے یسوع نے ملاقات کی، اور اس نے اس سے پانی مانگتے ہوئے بات چیت شروع کی۔ جب انہوں نے بات کرنا شروع کی تو یسوع نے اُس کے ساتھ ہوئی ایسی باتیں بتائی جو وہ نہیں جان سکتا تھا۔ اس لیے اس نے اس سے کہا، "اے خداوند مجھے معلوم ہوتا ہے کہ تو نبی ہے۔"

کرسمس کے اس موسم کے دوران، اور جب ہم اپنے خُداوند اور نجات دہندہ کو منانا شروع کرتے ہیں، خود سے پوچھنے کے لیے ایک لمحہ نکالیں، "میرے لیے یسوع کون ہے؟"

## نبوتی اقرار

**کرسمس یسوع مسیح کے بارے میں ہے اور وہ میرے لیے سب کچھ ہے! اے خدا اس موسم کے لیے آپ کا شکریہ۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**
متّی 16: 13



**یُوحنّا 4: 20**

**ہمارے باپ دادا نے اِس پہاڑ پر پرستِش کی اور تُم کہتے ہو کہ وہ جگہ جہاں پرستِش کرنا چاہیے یروشلِیم میں ہے۔**

کچھ سال پہلے، انٹرنیٹ کیوجہ سےلوگوں کےسیکھنے کا طریقہ ڈرامائی طور پر بدل گیا۔ ایک بارپھر، صرف چند سال پہلے لاک ڈاؤن کےدوران، لوگوں کےکام کرنے اور ایک دوسرے کیساتھ بات چیت کرنےکےانداز میں ایک بڑی تبدیلی آئی۔

بچو، اسکول کی عمارت واحد جگہ نہیں ہے جہاں آپ سیکھ سکتےاورعلم حاصل کرسکتےہیں۔ دوسرے الفاظ میں، جسمانی طور پر اسکول میں نہ ہونے کیوجہ سے آپکی تعلیم رکنی نہیں چاہیے۔ اب آپکو تعلیمی ایپس اور بچوں کی آن لائن لرننگ تک گھر یا کہیں پر بھی رسائی حاصل ہے۔

کنویں پر موجود عورت یسوع کو بتانے کی کوشش کر رہی تھی کہ صرف کچھ جگہیں ہیں جہاں خدا کی پرستش کی جا سکتی ہے۔ آپکے خیال میں وہ کیا کہنے والا ہے؟

کیا صرف کچھ جگہیں ہیں جہاں آپ خدا کی پرستش کر سکتے ہیں؟

## نبوتی اقرار

**بالکل آن لائن لرننگ کی طرح، میں کسی بھی وقت، کسی بھی جگہ اور کہیں بھی خدا کی پرستش کر سکتا ہوں۔ ہیلیلویاہ! خدا کی حمد ہو۔**

**مزید مطالعہ**

زبُور 122: 1-5



**یُوحنّا 4: 22**

**تُم جِسے نہیں جانتے اُس کی پرستِش کرتے ہو۔ ہم جِسے جانتے ہیں اُس کی پرستِش کرتے ہیں کیونکہ نجات یہُودِیوں میں سے ہے۔**

کرسمس بس تھوڑے ہی دن دور ہے۔ آپ اور آپکا خاندان اسکےلیےکیسی تیاری کر رہےہیں؟ کیا آپ نےخاص کھاناخریدا ہے یا ہوسکتا ہےآپکو کوئی تحفہ ملا ہو۔ حتٰی کہ اگر آپ نےکچھ نہیں کیا ہے، کرسمس ایک ایسا وقت ہےجسےپوری دنیا مانتی ہے۔

جیساکہ ہم یسوع اورکنویں پرموجود عورت کی اس حیرت انگیز کہانی کو آگےپڑھتےہیں، غور کریں کہ آج کےصحیفےمیں یسوع نےاس سےکیاکہا۔ اس نےاسےبتایا کہ اسکےلوگ ان چیزوں کی پرستش کرتےہیں جنہیں وہ نہیں سمجھتے۔ خود سے یہ سوال پوچھیں: کیا آپکو سمجھ ہےکہ آپ کس کی عبادت کر رہےہیں؟ کیا آپ اس کو جانتےہیں جو پرستش کے لائق ہے؟

کرسمس کے اس موسم میں، خداوند کی خدمت کے لیے کچھ وقت نکالیں۔ دوسرے لفظوں میں، ! اس کےلیے محبت جو ہماری تمام پرستش کے لائق ہے

## نبوتی اقرار

**میں اس کو جانتا ہوں جس کی میں پرستش کرتا ہوں۔ وہ خداوندوں کا خداوند اور بادشاہوں کا بادشاہ ہے۔ اس کا نام یسوع مسیح ہے۔ ہیلیلویاہ۔**

**مزید مطالعہ**

یُوحنّا 4: 22-21



**یُوحنّا 4: 23**
**مگر وہ وقت آتا ہے بلکہ اب ہی ہے کہ سچّے پرستار باپ کی پرستِش رُوح اور سچّائی سے کریں گے کیونکہ باپ اپنے لِئے اَیسے ہی پرستار ڈُھونڈتا ہے۔**

ایک زمانےمیں ایک بادشاہ ہوا کرتاتھا جوعدل وانصاف سےحکومت کرتاتھا، جسےدوردراز کےملکوں اورخطوں کےسب بادشاہ اورحکمران جانتےتھے۔ اسےدیکھ کر ڈر لگتاتھا پھربھی اسکی آنکھوں میں محبت تھی۔ وہ کسی بھی معاملےکا انصاف کے ساتھ فیصلہ کرنا جانتا تھا پھر بھی لوگ اسکی موجودگی میں محفوظ محسوس کرتے تھے۔

ہر وہ شخص جو اسکی حکومت میں رہتا تھا اسکےمحل میں بلائےجانےکی تمنا رکھتا تھا۔ صرف ایک لمحےکےلیےاس سے ملنےکےلیےبلایا جانا بہت اہمیت رکھتا تھا، جو واقعی زندگی بدل دینےوالا تھا۔ اس جیسا کوئی بادشاہ نہیں تھا۔

کیا آپ سمجھتےہیں کہ بادشاہوں کا بادشاہ اورخداوندوں کا خداوند چاہتا ہےاور پرستش کرنےوالوں کی تلاش میں ہےجو روح اور سچائی سےاس کی پرستش کریں۔ خالق کائنات نے آج آپکو اپنی دعوت دی ہے۔ آپ بادشاہ کیساتھ ذاتی دعوت پر مدعو ہیں۔

! سچے پرستار بن کر پرستش کو اپنا طرز زندگی بننےدیں

## نبوتی اقرار

**! میں سچا پرستار بننے کی دعوت کو قبول کرتا ہوں کیونکہ باپ یہی چاہتا ہے۔ ہیلیلویاہ**

**مزید مطالعہ**
یُوحنّا 4: 22-23



**یُوحنّا 4: 24**
**خُدا رُوح ہے اور ضرُور ہے کہ اُس کے پرستار رُوح اور سچّائی سے پرستِش کریں۔**

کایا اسکول میں چھٹی کےوقت کلاس میں اسکی ماں کےآنے پرنام پکارے جانےکا انتظار کر رہی تھی۔ 5 منٹ کایا کو ایک گھنٹہ لگ رہےتھے۔ اسکو ماں کی بہت یاد آ رہی تھی۔ وہ لمحہ آیا اوراسکےاستاد نےپکارا، ”کایا، ممی آ گئی ہیں!“ کایا اچھل کراپنی ماں سےگلےلگنےکےلیےبھاگی، ”ماما میں آپکو یاد کر رہی تھی، میں آپ سےبہت پیار کرتی ہوں۔“

جب آپ لفظ پرستش سنتےہیں تو آپ کیا سوچتےہیں؟ گانا۔ موسیقی؟ پرستش آپکےدل کی باطنی کیفیت کا ظاہری اظہار ہے۔ خداوند کی پرستش سادہ الفاظ میں خداوند کو سراہنا، محبت کرنا۔ اسےمحبت کا اظہار اوراس کی تعریف کرناہے۔ آپکوخداوند کی پرستش کسی کےکہنےپرنہیں بلکہ اپنی چاہ سےکرنی چاہیے۔ بائبل اس کےبارےمیں جو کچھ کہتی ہےاسکی بنیاد پرآپ جانتےہیں کہ وہ کیساہے۔

بچو، ہمیشہ خُداوند کی پرستش، اس سےاپنے دل سے پیارکریں، اُس سچائی کی بنیاد پرجو آپ خُدا کےکلام سےاُس کےبارے میں جانتے ہیں۔ آج روح اور سچائی سےاس کی پرستش کریں۔

## نبوتی اقرار

**خدا روح ہے اورمجھے روح اورسچائی سے اس کی پرستش کرنی چاہئے۔ جلال، ہیلیلویاہ۔**

**مزید مطالعہ**
یُوحنّا 4: 24-23



**متّی 2: 2**

**یہُودِیوں کا بادشاہ جو پَیدا ہُؤا ہے وہ کہاں ہے؟ کیونکہ پُورب میں اُس کا ستارہ دیکھ کر ہم اُسے سِجدہ کرنے آئے ہیں۔**

اگر آپ کو اپنے ملک کے محل کے بادشاہ کی طرف سے دعوت نامہ موصول ہو تو آپ کیا کریں گے؟ آپ اپنے بہترین کپڑے پہنیں گے اور زندگی میں ایک بار ملنے والے اس موقعے کے لیے پوری طرح تیاری کریں گے! کچھ بڑوں کو بچے یسوع کے محل کی دعوت نہیں ملی، لیکن انھوں نے مشرق میں اس کا ستارہ دیکھا، جس کا انھوں نے پیچھا کیا۔

ان کا کہنا تھا کہ وہ یہودیوں کے بادشاہ کو سجدہ کرنے آئے ہیں۔ اگرچہ وہ ایک غریب چرنی میں پیدا ہوا تھا، وہ ایمان لائے کہ وہ خدا ہے اور انھوں نے اس کی پرستش کی۔ اب وہ ہر چیز سے بلند، باپ کے داہنے ہاتھ پر بیٹھا ہے۔

! آئیں اور آج اُس کی پرستش کریں

## نبوتی اقرار

**اس کرسمس میں، خداوند یسوع میں آپ کو بلند کرنے کا انتخاب کرتا ہوں، آپ کی پرستش اور ستائش کرنے کے لیے۔ آپ تمام تعریفوں کے لائق ہیں۔ جلال۔**

**مزید مطالعہ**

زبُور 95: 6



**لُوقا 2: 12-11**

**کہ آج داوُد کے شہر میں تُمھارے لِئے ایک مُنّجی پَیدا ہُؤا ہے یعنی مسِیح خُداوند۔ اور اِس کا تُمھارے لِئے یہ نِشان ہے کہ تُم ایک بچّہ کو کپڑے میں لِپٹا اور چرنی میں پڑا ہُؤا پاؤ گے۔**

کیا آپ نےکبھی کوئی قیمتی چیز ایسی جگہ چھپائی ہےجہاں لوگوں کا اسےڈھونڈنےکا امکان نہ ہو؟ کپڑے دھونےوالی ٹوکری میں کپڑوں کےڈھیر میں اپنا خاص کھلونا چھپانےکا سوچیں؟ گندے کپڑوں کے ڈھیر میں آپکا خاص کھلونا ڈھونڈنے کا کون سوچےگا؟

ایسے ہی خُدا نےسوچا جب خُداوند یسوع کی پیدائش کا وقت آیا۔ بچو، یاد رکھیں کہ یسوع مسیح ایک بچےکے طورپر پیدا ہوا تھا لیکن وہ بادشاہوں کے بادشاہ اور خداوندوں کے خداوند کے طور پر حکومت کرتا ہے۔ وہ ہمارا خُداوند اور نجات دہندہ ہے اور صرف وہی ہے جو پرستش کے لائق ہے۔ آج محبت کے گیت گائیں اور اس کی حمد کریں، جب آپ اپنی زندگی میں اس کی خوشی مناتے ہیں۔

## نبوتی اقرار

**خُداوند یسوع ایک بچے کے طور پر دنیا میں داخل ہوا لیکن وہ اپنے ہاتھوں میں فتح کیساتھ آسمان پر چڑھ گیا۔ میں آج اس کی خوشی منا رہا ہوں! ہیلیلویاہ۔**

**مزید مطالعہ**

زبُور 33: 8



**متّی 1: 23**

**دیکھو ایک کنواری حامِلہ ہو گی اور بیٹا جنے گی اور اُس کا نام عِمّاَنُوایل رکھیں گے جِس کا ترجمہ ہے خُدا ہمارے ساتھ۔**

بچوخوشخبری، اور گڈ نیوز ورلڈ میں ہم سب کی طرف سےکرسمس کی مبارکباد۔ عِمّاَنُوایل منانےکا کتنا شاندار دن ہے، خدا ہمارےساتھ ہے۔ وہ کنواری مریم سےپیدا ہوا تھا، 33 سال تک مرد کی حیثیت سےزندہ رہا۔ پھر وہ مرگیا اور 3 دن بعد قبر سےجی اٹھا۔ اسکےبعد وہ آسمان پر چڑھ گیا باپ کےداہنےہاتھ پر بیٹھا ہے۔ ہم کتنےطاقتور خدا کی خدمت کرتےہیں۔ خدا ہمارےساتھ ہے، خدا آپکےساتھ ہے۔ وہ آپ میں رہتا ہےاگر آپ نےمسیح کی زندگی حاصل کی ہے۔ یہ سب سےبڑا تحفہ ہےجو آپکوکبھی دیا جا سکتاہے، ! کائنات کا خالق آپکےاندر رہتا ہے، جلال

اچھا کھانا کھانےاور گھر والوں اور دوستوں کیساتھ لطف اندوز ہونےکی خوشی میں، اس موسم کی وجہ کو مت بھولیں، عِمّاَنُوایل، خدا ہمارےساتھ ہے۔ اس کا شکریہ ادا کریں اور اس کی پرستش کریں کیونکہ وہ کون ہے۔

## نبوتی اقرار

**میرے میں رہنےکےلیے خداوند تیرا شکریہ۔ مجھےآپ کو دینےکےلئےآپ کا شکریہ! تُو خُداوند ہےاور تُو میرا خُداوند ہے۔ میں تیری پرستش کرتا ہوں! ہیلیلویاہ۔**

**مزید مطالعہ**

زبُور 145: 3



**تھِسّلُنیکیوں 5: 18 - 1**

**ہر ایک بات میں شُکرگُذاری کرو کیونکہ مسِیح یِسُوع میں تُمہاری بابت خُدا کی یہی مرضی ہے۔**

بچو جیسا کہ اس سال کا اختتام شروع ہورہا ہے، آپ کیا سوچ رہے ہیں؟ کیا آپ کو کامیابی کا احساس ہے؟ کیا آپ نے وہ کام کر لیا ہے جو آپ کرنا چاہتے تھے؟ کیا یہ سال اب تک کا بہترین سال رہا ہے؟ یہ اب بھی زمین پر جنت کا سال ہے۔

تقریباً 365 دن گزر چکے ہیں، اور ہو سکتا ہے آپ مایوسی محسوس کر رہے ہوں کیونکہ حالات اس طرح نہیں گئے جس طرح آپ چاہتے تھے لیکن آپ اب بھی یہاں ہیں، اور خدا اب بھی آپ میں کام کر رہا ہے۔

خدا کے بچوں کے لیے کچھ بھی مشکل نہیں ہے۔ یہ ابھی بھی آپ کا زمین پر جنت کا سال ہے لہذا شکر گزار ہوں اور یسوع کے نام پر امید رکھیں۔

نبوتی اقرار

**یہ زمین پر میرا جنت کا سال ہے اور یہ ختم ہونے سے بہت دور ہے۔ مجھے یقین ہے کہ یہ میرا بہترین سال ہے! آمین۔**

**مزید مطالعہ**

تھِسّلُنیکیوں 5: 18-16 - 1



**زبُور 100: 4**

**شُکرگُذاری کرتے ہُوئے اُس کے پھاٹکوں میں اور حمد کرتے ہُوئے اُس کی بارگاہوں میں داخِل ہو۔ اُس کا شُکر کرو اور اُس کے نام کو مُبارک کہو۔**

بچو خوشخبری! آج آپکےلیے ہمارے پاس ایک کھیل ہے: شکرگزاری کا کھیل۔ آپ اسےاکیلے یا دوسروں کیساتھ کھیل سکتے ہیں (زیادہ سے زیادہ 4 افراد)۔ کھیل کا مقصد دائرے کے اردگرد گھومنا اور ایسا کچھ کہنا ہے جس کےلئے آپ شکر گزار ہیں۔ تاہم صرف ایک کیچ ہے: آپکو اے سے شروع کر کے زیڈ تک حروف تہجی کی ترتیب میں چلنا ہوگا۔

بچو، بائبل ہمیں شکرگزاری اور احسان مند ہونے کے لیے کہتی ہے۔ ہمیں ہدایت کی گئی ہے کہ شکرگزاری کےساتھ خداوند کے دروازوں، اور حمد کےساتھ اس کی باررگاہوں میں داخل ہوں۔ خدا نہ صرف شکر گزاری کو پسند کرتا ہے بلکہ یہ آپ کو بھی بدل دیتا ہے! آج اور ہر دن شکرگزار بنیں، خدا کو روزمرہ کی مہربانیوں اور آپ کیساتھ بھلائی کے لیے برکت دیں۔

## نبوتی اقرار

**تیری شفقت اور رحمت کےلیے خداوند تیرا شکریہ۔ میں شکرگزار ہونے کا انتخاب کرتا ہوں، اور میں تیرے مقدس نام کو برکت دیتا ہوں۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

زبُور 100: 5-1

**کُرِنتھِیوں 9: 15 – 2**

**شُکر خُدا کا اُس کی اُس بخشِش پر جو بیان سے باہر ہے۔**



کیا آپ کبھی حیرت سےخاموش رہ گئےہیں؟ کیا آپ نےایسےوقت کا تجربہ کیا ہےجب آپکوکچھ حیرت انگیزخبریں سنائی گئی ہوں اور آپ نہیں جانتےکہ کیاکہنا ہے۔ آپکو ہنسناچاہئےیا رونا؟ آپ نہیں جانتےکہ اس شکرگزاری اورخوشی کا اظہارکیسے کریں جو آپ محسوس کر رہےہیں!

یہ ان زبردست صحیفوں میں سےایک ہےجو آپکو سوچنےپرمجبورکرتی ہے، "کیا خدا ہے!" اس حوالےمیں پولس رسول نے لوگوں کےبارےمیں بات کی جوخدا کی تعریف کر رہےہیں کیونکہ وہ کورنتھ میں مومنوں کےکاموں کودیکھتےہیں۔ وہ وہاں کے چرچ سےکہہ رہا تھا کہ فضل کا یہ تحفہ کچھ اور اور ناقابل بیان حد تک شاندار ہے۔ فضل اور سچائی خداوند یسوع مسیح کےذریعےآتی ہے۔ وہ فضل کا تحفہ ہےجو بیان سےباہرہے۔

بچو، ہوسکتا ہےکہ آپکو اس کرسمس میں کوئی تحفہ نہ ملا ہو یا شاید آپکو وہ تحفہ نہ ملا ہو جو آپ چاہتےتھے۔ جان لیں کہ خُداوند یسوع مسیح سب سےبڑا تحفہ ہے، اور وہ آپکےاندر رہتا ہے، ہیلیلویاہ!

## نبوتی اقرار

**اے باپ اپنے بیٹےکا تحفہ دینے کےلیے جوبیان سے باہر ہے آپ کا شکریہ! جلال!**

**مزید مطالعہ**

کُرِنتھِیوں 9: 15-13 – 2



**لُوقا 17: 18**

**کیا اِس پردیسی کے سِوا اَور نہ نِکلے جو لَوٹ کر خُدا کی تمجِید کرتے؟**

سوچیں آپ نے اپنے دوست کےلیے کچھ کیا لیکن وہ کبھی آپکو شکریہ کہنےنہ آیا! آپ اسکی مدد کےلیے آخری حد تک گئے تھےتو آپکو کیسا لگے گا؟

خُداوند یسوع نےیہ تجربہ اُس وقت کیا جب اُس نےیروشلم جاتےہوئےدس کوڑھیوں (جلد کی ایک نقصان دہ بیماری والےدس آدمیوں) کو شفا دی۔ بائبل ہمیں بتاتی ہے کہ، "پِھر اُن میں سے ایک یہ دیکھ کر کہ مَیں شِفا پا گیا بُلند آواز سے خُدا کی تمجِید کرتا ہُؤا لَوٹا۔ اور مُنہ کے بَل یِسُوعؔ کے پاؤں پر گِر کر اُس کا شُکر کرنے لگا۔" (لوقا 17 :16-15 آئی سی بی)۔

بچو، خداوند یسوع حیران تھا کہ دس آدمیوں میں سےصرف ایک ہی اس کا شکریہ ادا کرنےکےلیے واپس آیا۔ خُداوند کا شکر گزارہونےکا رویہ پیدا کریں۔ اُس کی مہربانی، محبت، فضل اور اپنےلیے اُس کی رحمت کےبارے میں سوچیں۔ خود کو یاد دلانےکےلیےکہ وہ خدا ہےاس سال جوکچھ ہوا اس پر دوبارہ سوچیں !

## نبوتی اقرار

**آپ اکیلے خدا ہیں اور شکر گزاری ہمیشہ میرے دل اور میرے ہونٹوں پر رہے گی! آمین۔**

**مزید مطالعہ**

لُوقا 17: 19-11



**یُوحنّا 3: 16**

**کیونکہ خُدا نے دُنیا سے اَیسی مُحبّت رکھّی کہ اُس نے اپنا اِکلَوتا بیٹا بخش دِیا تاکہ جو کوئی اُس پر اِیمان لائے ہلاک نہ ہو بلکہ ہمیشہ کی زِندگی پائے۔**

جب آپ ایک یا دوسال پہلےکی اپنی، یا خاندان کےافرادکی تصاویردیکھتےہیں، تو آپ عام طورپر ان میں فرق دیکھ سکتے ہیں۔ شاید آپکےبال اب دو سال پہلےکی نسبت لمبےہوں۔ ہو سکتا ہےکہ آپ اس وقت چھوٹےتھے اور اب آپ لمبےہو گئےہوں۔

کیا آپ نےغور کیاکہ یہ فرق یا تبدیلیاں ہر روز نہیں دیکھی جا سکتیں؟ تاہم، جب آپ ان تصاویرکاموازنہ کریں جو دو سال پہلےکی ہیں، تو فرق واضح ہوتاہے۔

بچو، جب سب کچھ کہاجاتا ہےاورکیاجاتاہے، اس سےکوئی فرق نہیں پڑتا ہےکہ آپ نےزمین پرجنت کےاس سال میں کیا تجربہ کیاہے، ہرچیز خداوند یسوع کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ اُسی میں ہم جِیتےاور چلتے پِھرتے اور مَوجُود ہیں (اعمال 17: 28)۔ یہ وہ خوشخبری ہے جسکی ہم منادی کرتےہیں: ہر چیز اس کی طرف اشارہ کرتی ہے۔

## نبوتی اقرار

**خدا وفادار ہے (اپنےراست باز کردار اورکلام کےمطابق) یہاں تک کہ جب میں بےوفا ہوں۔ یہ سب اس کےبارےمیں ہے! آمین۔**

**مزید مطالعہ**

زبُور 136: 1



**یسعیاہ 43: 19**

**دیکھو مَیں ایک نیا کام کرُوں گا۔ اب وہ ظہُور میں آئے گا۔ کیا تُم اُس سے ناواقِف رہو گے؟ ہاں مَیں بیابان میں ایک راہ اور صحرا میں ندیاں جاری کرُوں گا۔**

کچھ تصویریں آپ جتنا زیادہ دیکھتےہیں وہ بدل جاتی ہیں۔ پہلےتو آپکو ایک بلی نظر آ سکتی ہے، اورپھرجیسےہی آپ تصویرکو زیادہ قریب سےدیکھتےہیں، آپکو شیرنظر آنےلگتا ہے۔ نقطہ نظرخداکےبچےکےذہن میں ایک طاقتورچیز ہے۔

جب ہم نئےسال میں داخل ہوتےہیں تو روح کی آنکھ سےدیکھنا بہت ضروری ہے۔ ہمیں ایمان سےچلنا چاہیےنہ کہ آنکھوں دیکھےپر اگر ہم اس نئی چیزکو دیکھناچاہتےہیں جوخداوند نےپہلےہی شروع کر دی ہے۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ ایمان کےچشمےپہنےہوئےہیں نہ کہ آنکھوں کےدھوپ کےچشمے۔ آپکے اسکول، خاندان میں جوکچھ ہو رہا ہےاسےایمان کےنقطہ نظر سےدیکھیں نہ کہ آنکھوں سے۔

خُدا نے 2024 میں آپکےقدموں کو ترتیب دیا ہے۔ اُس (خدا) کےاور اُس کےکلام میں گہرائی میں جائیں اورعقاب کی طرح اڑیں !

## نبوتی اقرار

**مَیں خُداوند تیرا شُکرکرتا ہوں کیونکہ تُو اچھا ہےاور تیری رحمت ابد تک قائم رہتی ہے۔ یہ 2024 ہے، میں نےاسےبنایا اور یہ میرا بہترین سال ہو گا!! ہیلیلویاہ۔**

**مزید مطالعہ**

زبُور 136: 3-1

# My goodnews notes

GoodNews DAILY

# Would you like to share your testimony with us?

We would LOVE to hear from you children!

Write to us here:
kids@goodnewsworld.com





## کیا آپ نے ابھی تک یسوع مسیح کو قبول کیا ہے؟

### ہم آپ کو دعوت دیتے ہیں یسوع مسیح کو
### اس دعا کے ذریعے اپنی زندگی کا خداوند بنائیں؛

"اے خداوند خدا، ا یسوع مسیح کے نام پر آپ کے پاس آتے ہیں۔ میں اپنے پورے دل سے یسوع مسیح، زندہ خدا کے بیٹے، پر ایمان لاتا/لاتی ہوں ۔ میرا ایمان ہے کہ وہ میرے لیے مرا اور خُدا نے اُس کو مُردوں میں سے زندہ کیا۔ میرا ایمان ہے کہ آج وہ زندہ ہے۔ میں اپنے منہ سے اقرار کرتا/کرتی ہوں کہ یسوع مسیح اس دن سے میری زندگی کا خداوند ہے۔ اُس کے ذریعے اور اُس کے نام میں، میں نے ہمیشہ کی زندگی حاصل کی ہے۔ میں پھر سے پیدا ہوا/ہوئی ہوں۔ خُداوند، میری جان کو بچانے کے لیے آپ کا شکریہ! میں اب خدا کا/کی فرزند ہوں۔ ہیلیلویاہ!"

---

مبارک ہو! اب آپ خدا کے فرزند ہیں۔

TO RECEIVE MORE INFORMATION ON HOW YOU CAN GROW AS A CHRISTIAN PLEASE GET IN TOUCH WITH US ON:


**UK: +44 3333 448 612**
**USA +1 240 781 6942**
**RSA +27 51 004 0209**

WWW.UEBERTANGEL.ORG | WWW.GOODNEWSWORLD.COM



TheGoodNewsWorld Helplines
USA: +1 (240) 781-6942
UK: +44 333 344 8612
RSA: +27 (51) 004-0209

www.goodnewsworld.com